★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 20 شعبان المعظم 1446ھ، 19 فروری 2025ء 7 پھاگن 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 118

مخالفین کو گالم گلوچ بدتمیزی تہذیب کے سوا کچھ نہیں آتا: شریف نواز

ترقی کا تسلسل نہ ٹوٹا تو ملک خطے اور دنیا میں کہیں آگے ہوتا، عوام کو تکلیف نہ جھیلنا پڑتیں، سخت معاشی حالات کے بعد مہنگائی کم، عوام کو مزید ریلیف ملنے کی امید ہے: صدر مسلم لیگ (ن)

نواز، شہباز کی عوامی خدمت کے معیار پر پورا اترنا آسان نہیں، قیادت، جماعت اور پنجاب کے عوام کا اعتماد بڑی ذمہ داری ہے: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی اراکین پنجاب اسمبلی سے ملاقات کے دوران گفتگو



نارووال: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز جلسے سے خطاب کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ مخالفین کو فحش، حسد، گالم گلوچ، بدتمیزی، بدتہذیبی کے سوا کچھ نہیں آتا ہوتا، عوام کو تکلیف نہ جھیلنا پڑتیں، اللہ تعالیٰ آسانی فرمائے، سخت معاشی حالات کے بعد مہنگائی میں کمی ہوئی، مزید کی سے عوام کو مزید ریلیف ملنے کی امید ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہمراہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

اڈیالہ جیل سے خطوط لکھ کر منتیں کی جارہیں مجھے بچالو: مریم نواز

نواز شریف کی قیادت میں ملک کو مشکلات سے نکال دیا ہے، اڈیالہ جیل کے علاوہ ہر جگہ سے اچھی خبریں آرہی ہیں، نارووال میں جلسہ سے خطاب

نارووال (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ اڈیالہ جیل سے خط پر خط آرہے ہیں اور منتیں کی جارہی ہیں کہ مجھے بچالو۔ نارووال میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ جس نواز شریف کو مارنے اور گرانے کی کوشش کی گئی آج مرکز میں اس کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

عمران کے خط پر آرمی چیف کا جوان کی جانبداری ظاہر کرتا ہے، اعتزاز احسن

خط ملتے ہی پراس کو وزیراعظم کو بھجوانے کی بات آئین کے عین مطابق ہے، بدقسمتی سے ہمارے ملک میں فیصلے وزیراعظم نہیں کررہے: سینئر سیاستدان وقانون دان

آرمی چیف کا یہ کہنا کہ خط نہیں ملا اگر گلے لگا تو بھی اس کو نہیں پڑھوں گا جیسے جملے ادا کرنے کی ضرورت نہیں تھی، وزیراعظم پڑھیں اور آرمی چیف بھی پڑھیں کیوں کہ سمجھا انہیں گیا ہے

لاہور (این این آئی) سینئر سیاستدان وقانون دان چوہدری اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے خط سے متعلق چیف آف آرمی اسٹاف کا جواب ان کی جانبداری کو ظاہر کرتا ہے، خط لکھنے سے پہلے نہیں ہوتا لیکن اس معاملے پر بریف کیے جواب سے آرمی چیف نے اپنی جانبداری ظاہر کردی ہے، آرمی چیف کا یہ کہنا کہ خط نہیں ملا اگر ملا تو بھی اس کو نہیں پڑھوں گا جیسے جملے ادا کرنے کی ضرورت نہیں تھی، وزیراعظم پڑھیں اور آرمی چیف بھی پڑھیں کیوں کہ سمجھا انہیں گیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

عمران خان اپنی وجہ سے جیل میں ہیں کسی سیاسی مخالف نے نہیں ڈالا: سعد رفیق

جھوٹ بول بول کر لوگوں کو مسلسل گمراہ کیا گیا، مشکل میں صرف وہ نہیں جو جیل میں ہیں سب مشکل میں پھنسے ہوئے ہیں، رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن)

سیاست دانوں کو سبق سیکھنا چاہیے، سب کو پیغام جانا چاہیے جو خرابی کرے گا وہ بھگتے گا' یہ نہیں ہوسکتا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے لوگوں کو گمراہ کیا جائے: سینئر سیاستدان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین ہیں آج آرڈیننس میں توازن لایا جائے، ان کو کسی سیاسی مخالف نے جیل میں نہیں ڈالا، جھوٹ بول بول کر لوگوں کو مسلسل گمراہ کیا گیا، مشکل میں صرف وہ نہیں جو جیل میں ہیں سب مشکل میں پھنسے ہوئے ہیں، سیاست دانوں کو سیکھنا چاہیے، پنجاب پارٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

اپوزیشن کا ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے استعفیٰ مطالبہ

سینٹ میں اپوزیشن کا شدید احتجاج، ایوان بالا میں ڈپٹی چیئرمین سینٹ کی رکنیت معطل، ایوان بالا میں اپوزیشن کو بازیاب کرو اور شرم کرو حیا کرو کے نعرے گونجتے رہے

اپوزیشن جانوروں جیسی آوازیں نکال رہی ہے، لگتا ہے جلد پوری پی ٹی آئی اب واوو واوو کر یگی، رکن اسمبلی شیر افضل مروت اور شعیب شاہین کو عزت دیں، ناصر بٹ اپوزیشن پر برس پڑے



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف رجب طیب اردوان انٹرچینج کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

وزیراعلیٰ نے تمام محکموں کو پی سی ون منصوبے جون تک مکمل کرنے کا ٹاسک دیدیا

پنجاب کی تاریخ میں تمام محکموں کو بروقت منصوبہ بندی مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز کرنے کے لیے اہم فیصلے کرتے ہوئے تمام محکموں کو آئندہ مالی سال کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے

عمران نے شیر افضل مروت کو ملاقات کیلئے بلا لیا

پی ٹی آئی نے بلایا ہے، ملاقات میں شکوہ کروں گا کہ بغیر سنے مجھے کیوں نکالا؟: ممبر اسمبلی

فضل مروت کو ملاقات کے لیے بلا لیا، شیر افضل مروت کو پارٹی رہنماؤں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

لیفٹیننٹ محمد حسان اشرف جیسے بہادر سپوت قوم کا فخر ہیں: وزیر داخلہ

محسن نقوی کی شہید لیفٹیننٹ محمد حسان اشرف کی رہائشگاہ آمد، فاتحہ خوانی کی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید لیفٹیننٹ محمد حسان اشرف کی رہائشگاہ ریڈیانا ٹاؤن جا کر شہید کے والد محمد اشرف، بھائی محمد حسان اشرف اور دیگر اہل خانہ سے ملاقات کرکے سے گہرے دکھ اور افسوس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان کئی معاہدے زیر غور ہیں، وزیر خزانہ

پاکستان سے سعودی عرب کو ہنرمند افرادی قوت کی برآمد بڑھانے کے وسیع مواقع موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ سعودی آرامکو کی پاکستان کے ڈاؤن اسٹریم پیٹرولیم سیکٹر میں سرمایہ کاری خوش آئند ہے، پاکستان اور سعودی عرب کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

شہریوں کا غصہ قابو میں رکھنا اب مشکل ہوگیا ہے، کامران ٹیسوری

کراچی میں ایک اور شہری کی ڈمپر سے موت انتظامیہ کے ماتھے پر داغ ہے، گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ کراچی میں ایک اور شہری کی ڈمپر سے موت انتظامیہ کے ماتھے پر داغ ہے۔ اپنے ایک بیان میں گورنر سندھ کامران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے پٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک 30 ویں سالانہ ٹیکنیکل کانفرنس کا افتتاح کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان کے پاس بغیر کسی مفاد کے گیا تھا، فیصل واوڈا

جب بھی مولانا کے پاس جاؤں گا تو ان کے گھر سے مایوس واپس نہیں آؤں گا، بجی ٹی وی سے گفتگو

کراچی (این این آئی) سینیٹر فیصل واوڈا کا کہنا ہے کہ میں مولانا فضل الرحمان کے پاس بغیر کسی مفاد کے گیا تھا، مولانا دوستی کا وعدہ نبھا رہے ہیں اور میں بھی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

امن وامان کے قیام، بفشیل ایکشن پلان پر عملدرآمد کے حوالے سے پیشرفت

محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبائی اپیکس کمیٹی تشکیل دیدی

لاہور (این این آئی) امن وامان کے قیام اور بفشیل ایکشن پلان پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

ریاض میں روسی حکام سے ملاقات

ٹرمپ، پوتین کی بات چیت کا فالو اپ قرار

ریاض (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے امریکہ۔ ریاض میں روسی وفد کے ساتھ ہونے والی ملاقات کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

ایران نے مذاکرات کیلئے رابطہ نہیں کیا، امریکی وزیر خارجہ

چاہوں گا، ایک دن صبح بیدار ہوں تو سنوں ایران نے ایٹمی ہتھیار بنانے کا فیصلہ کیا ہے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ ایرانی ایٹمی پروگرام پر بات چیت کے حوالے سے تہران کی جانب سے واشنگٹن سے کوئی رابطہ نہیں کیا گیا۔ امریکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

ایران کی جانب سے نصر اللہ کے جنازے میں اعلیٰ سطح پر شرکت کا اعلان

تہران (این این آئی) ایران نے کہا ہے کہ وہ اس ہفتے کے آخر میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

سعودی ولی عہد اور فرانسیسی صدر کے درمیان علاقائی اور بین الاقوامی حالات پر بات چیت

ریاض (این این آئی) آفس آف صدر عاطوفل کاروں کی جانب سے سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کو ٹیلی فون کال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

ایئر کراچی نے سول ایوی ایشن کو آر پی ٹی لائسنس کے لیے درخواست جمع کرادی

کراچی (این این آئی) ایئر کراچی نے پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (پی اے اے) کو باقاعدہ پبلک ٹرانسپورٹ (آر پی ٹی) لائسنس کے لیے درخواست جمع کرادی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

چینی کی برآمد نے 7 ماہ کے دوران تمام ریکارڈ توڑ دیئے

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں چینی کی برآمد متعلقہ اعداد و شمار جاری کیے گئے جس میں 2 ہزار فیصد سے زائد اضافہ ہوا۔ تفصیلات کے مطابق پہلے 7 ماہ میں چینی کی برآمد میں 2 ہزار 188 فیصد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

سیاستدانوں کو اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مل کر بیٹھنا ہوگا، اسد عمر

پارلیمنٹ آج جتنی بے توقیر ہے شاید ہی کبھی ماضی میں رہی ہو، سابق پی ٹی آئی رہنما

لاہور (این این آئی) سابق پی ٹی آئی رہنما اسد عمر نے کہا ہے کہ سیاستدانوں کو اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مل کر بیٹھنا ہوگا۔ اسد عمر کا کہنا تھا کہ تنے ہوئے چلتی جمہوریت کی ضرورت ہے۔ سابق پی ٹی آئی رہنما نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمٰن کی سکیورٹی ریاست کی ذمہ داری ہے، جے یو آئی

سکیورٹی خدشات کا بہانہ بنا کر خود فروخت کرنے کی بجائے جے یو آئی قیادت کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) نئی دہلی کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر الارز فورم سٹی حافظ عرفان شفیع خٹک، سالار مولانا محمد ضمیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ہاشم تہامی الیڈووکیٹ، صدر الارز فورم سٹی مولانا محمد فیضان شفیع خٹک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

پاکستان چین اور امریکہ کے درمیان پل کا کردار ادا کرسکتا ہے، بلاول

ٹرمپ ڈیل بیکر ہیں، پاکستان امریکی صدر کے ساتھ انگیج ہوسکتا ہے، بھارت کے ساتھ امن یا ہم ازہم تجارت کی جاسکتی ہے: چیئرمین پیپلز پارٹی

ہم موجودہ تقسیم کو بڑھانے کے بجائے کم کرنے کی کوشش کریں گے، پی پی کیچ جیسے منصوبے اہمیت کے حامل ہیں: جرمن پی وی ڈی کا انٹرویو

کراچی (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان کے اندرونی مسائل سمیت خصوصی کی اہمیت پر زور دیا اور ساتھ ہی امریکا سے تعلقات کو بھی ضروری قرار دیا۔ دوران انٹرویو بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان چین اور امریکا کے درمیان پل کا کردار ادا کرسکتا ہے۔ جرمن پی وی ڈی کا انٹرویو دیتے ہوئے بلاول بھٹو نے پی پی کیچ بھی پاک کی اور بہتر حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

ریاض مذاقوں کا ٹبیادی مقصد امریکہ کے ساتھ تعلقات کی بحالی ہے، روس

ماسکو (این این آئی) کریملن نے کہا ہے کہ روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف صدر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پاکستانیز خبردار، ہوشیار اور تیار، چیمپئنز ٹرافی کا (آج) سے آغاز

پہلا مقابلہ پاکستان، نیوزی لینڈ کا ہوگا، 8 ٹیمیں ایک ٹرافی کیلئے 9 مارچ تک نبرد آزما ہونگی

لندن (این این آئی) پاکستانیز خبردار، ہوشیار اور تیار چیمپئنز ٹرافی کا (آج) بدھ سے پاکستان میں آغاز ہورہا ہے، میگا ایونٹ کی چوتھی ٹرافی کیسے تیار کی گئی آئی سی سی نے ویڈیو پاکستان میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

آفاق احمد کو فوری طور پر رہا کیا جائے، بابر غوری

کراچی (این این آئی) سابق وفاقی وزیر بابر غوری نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

پشاور ہائیکورٹ: عمر ایوب کی 35 ڈنوں کیلئے ضمانت منظور

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب کی مختلف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



لاہور: وزیر زراعت لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی کو چیئرمین پی ایم ڈی ایف کی شیلڈ دے رہے ہیں

حکومت میں آکر 26 ویں آئینی ترمیم کو ختم کریں گے: عمر ایوب

عمر ایوب کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی ورکرز اور رہنماؤں پر بے شمار جعلی کیسز درج کیے گئے ہیں، حکومت کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں ہے

روڈ آف لاہ پاکستان میں نہیں ہے، لوگ زمین فروخت کرکے ملک چھوڑ رہے ہیں: نوجوان لاکھوں روپے دے کر یہ دن ملک جا رہے ہیں

بائیکوٹ ہے، تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے وفد نے بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

رابطہ کمیٹی ہے، تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے وفد نے بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

پشاور (این این آئی) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی اور رہنمائی پی ٹی آئی عمر ایوب نے کہا ہے کہ حکومت میں آ کر 26 ویں آئینی ترمیم کو ختم کریں گے۔ پشاور

عظمیٰ بخاری کی ادا کارلکی ڈیئر کے گھر آمد

وزیراعلیٰ کی جانب سے 25 لاکھ کا چیک دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے اسٹج کے نامور اداکار لکی ڈیئر کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

شہید انس نائیک ذاکر حیات کی نماز جنازہ ادا کردی گئی، فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

کمانڈنٹ (این این آئی) فیصل آباد شہید انس نائیک ذاکر حیات کی نماز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



لاہور: وزیراطلاعات پنجاب اکیسٹرنگل ڈیئر کو وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے 25 لاکھ کا چیک دے رہی ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف رجب طیب اردوان انٹرچینج کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں



اسلام آباد صدر مملکت آصف علی زرداری ایوان صدر میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



پشاور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کلب میں میڈیا بریفنگ سے خطاب کر رہے ہیں

حکمران اتنے گر چکے کہ آئی ایم ایف کو اعلیٰ عدلیہ تک بھی پہنچ گئے: حافظ نعیم الرحمٰن

رمضان کے بعد بجلی کی قیمتوں میں کمی اور آئی پی پیز کیخلاف بڑی تحریک کا آغاز کریں گے، امیر جماعت اسلامی کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت کو بہت وقت دے دیا، کرپٹ آئی ایم ایف کی اعلیٰ عدالت تک بھی پہنچ گئے، حکمران اتنے گر چکے کہ ملک کی خودمختاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8) کردی، قوم کی خودمختاری خلاف بڑی تحریک کا آغاز کریں گے۔



پشاور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کلب میں میڈیا بریفنگ سے خطاب کر رہے ہیں



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور قیصر احمد شیخ 17 ویں سی ایس آر سمیت دیگر سے خطاب کر رہے ہیں

مریم نواز کی کارکردگی سے پی پی کو پریشر محسوس ہوتا ہے: عظمیٰ بخاری

گورنر پنجاب تو بہت کچھ کہتے رہتے ہیں، ان کی باتوں کو سنجیدہ نہیں لیا کریں، ان کی باتوں کو فرق نہیں پڑتا: انٹرویو

سندھ کے تاجروں نے مریم نواز کی تعریف کی تو ان کی شامت آگئی تھی، سندھ میں کوئی پراجیکٹ شروع ہوتا ہے تو ہمیں خوشی ہوتی ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز کی کارکردگی سے پیپلز پارٹی کو پریشر محسوس ہوتا ہے، نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گورنر پنجاب کے کہنے سے تو کوئی وزیراعلیٰ نہیں بنے گا اور نہ ہٹے گا۔ گورنر رہنما نے کہا کہ سندھ کے تاجروں نے مریم نواز کی اتنظامی کارکردگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16) پنجاب کے بارے میں جو کہا وہ سچ ہے، ہم نے کبھی کسی کی باتوں کو سنجیدہ نہیں لیا، ان کی باتوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا، گورنر پنجاب تو بہت کچھ کہتے رہتے ہیں، ان کی باتوں کو فرق نہیں پڑتا: انٹرویو



اسلام آباد: ایک اور ہوٹل کو بم سے اڑانے کی دھمکی، پولیس کی سنیپ چیکنگ

اسلام آباد ہائیکورٹ کا القادر ٹرسٹ یونیورسٹی کی درخواست پر سماعت سے انکار

سزائیں ہو چکی ہیں، ٹرسٹ ضبط ہو چکا، اب اس کیس میں کچھ نہیں: عدالت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے القادر ٹرسٹ یونیورسٹی کی درخواست پر سماعت سے انکار کردیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیف جسٹس مسٹر اطہر من اللہ کی سربراہی میں ڈویژن بنچ نے القادر ٹرسٹ یونیورسٹی کی درخواست پر سماعت کی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

لاہور ہائیکورٹ نے نظر بندی قانون کی شق معطل کرنے کے حکم میں توسیع کردی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے نظر بندی قانون کی شق معطل کرنے کے حکم میں توسیع کردی۔ لاہور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

ایوان محلی منڈی کا منظر پیش کرنے کا جس پر ڈپٹی چیئرمین نے پی ٹی آئی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

تانے پر ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے خلاف کا شدید احتجاج کرتے ہوئے نعرے بازی کی جس کے باعث

سمندر میں آئل ٹینکر الٹنے سے تیل کا بڑا رساؤ، ماحولیاتی ایمرجنسی نافذ

ماریشس کے ساحل پر 1000 ٹن تیل بہہ گیا، ہزاروں پرندوں کی ہلاکت کا خدشہ

ماریشس (این این آئی) ماریشس کے ساحل پر آئل ٹینکر الٹنے سے تیل کا بڑا رساؤ ہوا ہے، ہزاروں پرندوں کی ہلاکت کا خدشہ ہے۔ ماریشس کے ساحل پر 1000 ٹن تیل بہہ گیا، ماحولیاتی ایمرجنسی نافذ کردی گئی۔ ماریشس کے ساحل پر آئل ٹینکر الٹنے سے تیل کا بڑا رساؤ ہوا ہے، ہزاروں پرندوں کی ہلاکت کا خدشہ ہے۔ ماریشس کے ساحل پر 1000 ٹن تیل بہہ گیا، ماحولیاتی ایمرجنسی نافذ کردی گئی۔

ریڈ کلف ٹیکنالوجیز کے موقع چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غیور کے ہمراہ گروپ فوٹو



روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر غیر قانونی کمرشل املاک فیس نادہندگان کے خلاف آپریشن

ایل ڈی اے نیوں نے علامہ اقبال ٹاؤن، شاہدمان، شاہ جمال، نیو مسلم ٹاؤن اور شادباغ میں کاروائیاں کرکے 58 املاک سربمہر کردیں

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے نیوں نے علامہ اقبال ٹاؤن، شادمان، شاہ جمال، نیو مسلم ٹاؤن اور شادباغ میں غیر قانونی کمرشل املاک و فیس نادہندگان کے خلاف آپریشن کر کے 58 املاک سربمہر کردیں۔ ایل ڈی اے نیوں نے علامہ اقبال ٹاؤن میں غیر قانونی کمرشل سرگرمیوں پر 32 املاک سیل کیں اور شادمان، شاہ جمال، نیو مسلم ٹاؤن اور شادباغ میں 29 جائیدادوں کو سیل کر دیا۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، بیوٹی سیلون، آٹو ورکشاپ، ٹیکنیکل اسٹی ٹیوٹ، نجی یونیورسٹی، اسٹیٹ آفس، گراسری سٹور، فوڈ پوائنٹ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیئے گئے تھے، آپریشن چیف ٹاؤن پلاننگ اسد الزمان کی زیر نگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر غیر قانونی کمرشل املاک و فیس نادہندگان اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

ملک بھر میں قائم کیے جانے والے سیل پوائنٹس کے ذریعے 130 روپے میں چینی دستیاب ہوگی

شوگر انڈسٹری وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں گھریلو صارفین کو سستی ترین چینی فراہم کرنے کی کوششوں کو سراہتی ہے اور اس کی حمایت کرتی ہے اور ملک بھر میں قائم کیے جانے والے سیل پوائنٹس کے ذریعے 130 روپے میں چینی دستیاب کرائے گی۔ چینی کی موجودہ قیمتوں کے بارے میں ترجمان نے کہا کہ چینی کی قیمتیں بنیادی طور پر طلب اور رسدکی مارکیٹ قوتوں سے کنٹرول ہوتی ہیں لیکن شوگر مارکیٹ کی حساسیت کو سٹہ بازی میں ملوث کردہ پیسہ کمانے کیلئے جھوٹی اور مبالغہ آمیز خبریں پھیلا کر بیان کیا جاتا رہا ہے۔ شوگر انڈسٹری حکومت سے پرزور اپیل کرتی ہے کہ ایسے عناصر کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے اور صارفین، کسانوں اور شوگر انڈسٹری کی مشترکہ بھلائی کیلئے اس غیر قانونی کاروبار کے خلاف کارروائی کی جائے۔ پاکستان کی شوگر انڈسٹری زیادہ تر گنے، گنے سے چینی کی کم ریکوری، گنے کی کم پیداوار اور چینی بنانے کی پیداواری لاگت میں مسلسل اضافے کے باوجود دنیا کی سب سے سستی متاعی چینی پیدا کر رہی ہے۔ درآمد شدہ چینی کی پاکستان پہنچ قیمت آج کی تاریخ میں 200 روپے فی کلوگرام سے زیادہ ہے اور بھارت اور برازیل میں فصل کی کمی کی وجہ سے اس مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ افراط زر کے بڑھتے ہوئے رجحانات نے 2021 سے چینی کی پیداواری لاگت کو بہت متاثر کیا ہے۔ گنے کی خریداری کی قیمت چینی کی پیداواری لاگت کا 80 فیصد ہے جب کہ صرف 2022-23 کے کرشنگ سیزن میں گنے کی رقم کی ادائیگی قیمت 225 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی من کر دی گئی، جو کہ پچھلے سال کے مقابلے میں 33 فیصد زیادہ ہے۔



وزیر بلدیات ذیشان رفیق ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور کی ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صفائی کرنے سے زیادہ اسے برقرار رکھنا اصل ٹاسک ہے، وزیر بلدیات

خوشی ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت گندگی کے برسوں پرانے ڈھیر کلیئر کر دیے گئے

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے ڈمپرز کو ڈھک کر کوڑا منتقل کرنے کا حکم دیا ہے، گند سڑکوں پر نہیں گرنا چاہیئے، ذیشان رفیق

ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور ڈویژن میں ستھرا پنجاب میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

اجلاس میں سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل، متعلقہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیز کے سی ای اوز اور کنٹریکٹرز نے شرکت کی

اس موقع پر ہر تحصیل انچارج کی جانب سے شہری اور دیہی علاقوں میں صفائی کے اہداف پر بریفنگ دی گئی

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ صفائی کرنے سے زیادہ اسے برقرار رکھنا اصل ٹاسک ہے۔ خوشی کی بات ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت گندگی کے برسوں پرانے ڈھیر کلیئر کر دیے گئے۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ایک اجلاس میں صدارت کر رہے تھے جس میں ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور ڈویژن میں ستھرا پنجاب میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل، متعلقہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیز کے سی ای اوز اور کنٹریکٹرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر ہر تحصیل انچارج کی جانب سے شہری اور دیہی علاقوں میں صفائی کے اہداف پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت کی ہدایت کے مطابق تمام علاقوں میں وبائی ہیلتھ کمپلینگ عمل کی جا چکی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ای ڈو کو ہدایت کی کہ گندگی کے ہاٹ سپاٹس کی مسلسل نگرانی کی جائے اور وہاں دوبارہ کوڑا جمع نہ ہونے دیا جائے۔ پہلی دفعہ ہر تحصیل میں کم از کم ایک لینڈ فل سائٹ بنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے باعث متاثی انجینئرنگ انسٹرکٹر کو زبردست فروغ مل رہا ہے۔ کنٹریکٹرز کی طرف سے مشینری کے آرڈرز پر روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ ذیشان رفیق نے ہدایت کی کہ شہریوں میں صفائی کے بارے میں آگاہی مہم لازمی چلائی جائے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈمپرز کو ڈھانپ کر کوڑا منتقل کرنے کا حکم دیا ہے۔ ڈمپرز والا گند سڑکوں یا راستوں پر نہیں گرنا چاہیئے۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ جن علاقوں میں فراڈ ہوئی قوت کی بھرتی عمل ہے وہاں ڈور ٹو ڈور کولیکشن شروع کر دیں۔ ستھرا پنجاب پروگرام تحت عوام کو صفائی کی معیاری خدمات کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پورے پنجاب میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ راولپنڈی، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، ملتان، ڈی جی خان، بہاولپور اور لاہور کی ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے اجلاس ہو چکے ہیں۔ یکم (بدھ) تا پیر (سوموار) سرگودھا اور ساہیوال کی کمپنیوں اور کنٹریکٹرز کو بلایا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پنجاب کے عوام کو صفائی کی معیاری خدمات کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہیں۔



وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد اور ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ٹولنٹن ماریکٹ میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد اور ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گلبرگ سکیم اور ٹولنٹن ماریکٹ میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

گلبرگ سکیم کے دیگر بلاکوں میں بھی جلد ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا جائے گا۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد

لاہور (خبر نگار) وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد اور ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گلبرگ سکیم اور ٹولنٹن ماریکٹ کا دورہ کیا اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد نے کہا کہ گلبرگ سکیم کے دیگر بلاکوں میں بھی جلد ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا جائے گا۔ میں شاہراہوں کی مرمت و بحالی کا کام جلد مکمل کیا جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ میں شاہراہوں پر ٹریفک بلاک کی بہتری کے لیے ٹریفک سائنج بہتر کی جائے۔ نجی افراد کے ہاتھوں کمرشل سائن بورڈز کی چیکنگ کریں اور ایسے سائن بورڈز کی بہتری اور ترمیم یا آرائش کی جائے۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد نے کہا کہ ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد اور ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ٹولنٹن ماریکٹ میں واسا اور ایل ڈی اے کی جانب سے جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر ٹولنٹن ماریکٹ کی اپ گریڈیشن کا کام جاری ہے۔ ٹولنٹن ماریکٹ میں سیوریج سسٹم، الیکٹرسٹی سسٹم اور ویسٹ ڈسپوزل سسٹم بنایا جا رہا ہے۔

نماز کے اوقات

صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

نارروال: مریم نواز کے تاریخی جلسے کی تصویری جھلکیاں

نارروال (صوف الطاف چودھری) نارووال میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ پانی پی پی آئی نے اپنے بچوں کو لندن میں رکھا ہوا ہے، قوم کے بچوں کو بنگلہ آرائی پر لگا رکھا تھا، انہیں تباہ حال اور مار پیٹ پر آسیا یا ہوا تھا لیکن اب پانی پی پی آئی کو بھی سمجھ آ گئی ہے کہ قوم کو سمجھ آ گئی ہے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ پی پی آئی حکومت نے ملک کو دیوالیہ کے دہانے پر پہنچایا، دوست ملکوں سے تعلقات خراب کیے، پہلے پنجاب میں رشوت کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا تھا، رشوت کی رقم فرج گوگی اور پنگی کو جاتی تھی، ن لیگ نے نواز شریف کی قیادت میں ملک کو مشکلات سے نکالا، دن رات عوامی خدمت میں مصروف ہیں، آئے دن اگلی آج سے بہتر ہوگی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ میں ایک سال کی کارکردگی لے کر آپ کے پاس آئی ہوں، دو سال پہلے ہر جگہ سے بری خبریں آتی تھیں، آج ہر جگہ سے اچھی خبریں آ رہی ہیں، بری خبریں صرف ڈیا ابیٹل سے آ رہی ہیں، ڈیا ابیٹل سے سے خبط پڑ آ رہے ہیں کہ اللہ کے واسطے مجھے بچاؤ، اللہ تعالیٰ کے نظام میں ناانصافی نہیں، آج مرکز میں نواز شریف کے بھائی اور پنجاب میں ان کی بیٹی کی حکومت ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میں صرف وعدے اور اعلانات لے کر نہیں آئی، سارے وعدے وفا کر کے آئی ہوں، گھر بنانے کے لیے 15 لاکھ کا قرضہ دیا جا رہا ہے، کسانوں کو پانچ لاکھ کسان کارڈ فراہم کر رہے ہیں۔

نارووال: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چلڈرن ارنگ پارک کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا کر رہی ہیں، وفاقی وزیر احسن اقبال بھی ساتھ موجود ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نارووال میں ایک تاریخ جلسے سے خطاب کر رہی ہیں



کینیڈا انٹرنیشنل سرمائی مقابلات 2025 کے بین الاقوامی ڈیزائن مقابلے کی عوامی نمائش میں لوگ فنون کی تنصیب "سول اینڈ" دیکھ رہے ہیں۔ شٹہوا۔

فارمانائٹ سکول سسٹم اور والڈسٹی آف لاہور تھارٹی کے اشتراک سے تین روزہ نمائش کا انعقاد

ایگزیبیشن میں ستر سے زائد آرٹسٹوں نے اپنے فن پارے آویزاں کیے جس میں مختلف شہروں سے آئے ہوئے شرکا نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا

لاہور (صابر غوری) ڈی ناٹج آف آرٹ اکیڈمی کے زیر اہتمام ہی فارمانائٹ سکول سسٹم اور والڈسٹی آف لاہور اتھارٹی کے اشتراک سے مسجد کے حوالے سے ایک روزہ ایگزیبیشن کا اہتمام ہوتا رہتا چاہیے تاکہ آرٹسٹوں کی حوصلہ افزائی ہوتی رہتی لاشاری کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے کہا آرٹ اکیڈمی کے زیر اہتمام ہی فارمانائٹ سکول سسٹم اور والڈسٹی آف لاہور اتھارٹی کے اشتراک سے مسجد کے حوالے سے ایک روزہ ایگزیبیشن کا اہتمام ہوتا رہتا چاہیے تاکہ آرٹسٹوں کی حوصلہ افزائی ہوتی رہتی ہے۔ ایگزیبیشن میں مختلف شہروں سے آئے ہوئے ستر سے زائد آرٹسٹوں نے اپنے فن پارے آویزاں کیے جس میں مختلف شہروں سے آئے ہوئے شرکا نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور ڈائریکٹر جنرل والڈسٹی اتھارٹی لاہور کامران رسول انجاز، ایڈووکیٹ سعدیہ سعید، طارق سعید، عثمان سعید، عدنان غفار اور والڈسٹی اتھارٹی لاہور کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ضمیر الحسن نے خصوصی شرکت کی۔ ڈی ناٹج آف آرٹ اکیڈمی کے آرگنائزر زاہد سعید اور آصفہ جاوید کی طرف سے مہمان خصوصی نے شرکا میں سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کیے۔ اس کے ساتھ ساتھ نومعمر آرٹسٹوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ڈی ناٹج آف آرٹ اکیڈمی کے سرپرست اعلیٰ افتخار احمد بھٹی نے کاش بیگ بھی تقسیم کیے۔



وزیر خاں سکوائر میں تین روزہ (Painting Calligraphy Exhibition) کا انعقاد ہوا۔ اس ایگزیبیشن میں سترسے زائد آرٹسٹوں نے اپنے فن پارے آویزاں کیے جس میں مختلف شہروں سے آئے ہوئے شرکا نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور ڈائریکٹر جنرل والڈسٹی اتھارٹی لاہور کامران صادقین، کسانوں اور شوگر انڈسٹری کی مشترکہ بھلائی کیلئے اس غیر قانونی کاروبار کے خلاف کارروائی کی جائے۔ پاکستان کی شوگر انڈسٹری زیادہ تر گنے، گنے سے چینی کی کم ریکوری، گنے کی کم پیداوار اور چینی بنانے کی پیداواری لاگت میں مسلسل اضافے کے باوجود دنیا کی سب سے سستی متاعی چینی پیدا کر رہی ہے۔ درآمد شدہ چینی کی پاکستان پہنچ قیمت آج کی تاریخ میں 200 روپے فی کلوگرام سے زیادہ ہے اور بھارت اور برازیل میں فصل کی کمی کی وجہ سے اس مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ افراط زر کے بڑھتے ہوئے رجحانات نے 2021 سے چینی کی پیداواری لاگت کو بہت متاثر کیا ہے۔ گنے کی خریداری کی قیمت چینی کی پیداواری لاگت کا 80 فیصد ہے جب کہ صرف 2022-23 کے کرشنگ سیزن میں گنے کی رقم کی ادائیگی قیمت 225 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی من کر دی گئی، جو کہ پچھلے سال کے مقابلے میں 33 فیصد زیادہ ہے۔

ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ کا سیاحت کے فروغ کیلئے انقلابی اقدام

گوجرانوالہ کی تاریخی فوڈ سٹریٹ (مبنتھ والا محلہ فوڈ سٹریٹ) کو یو ٹیفارم بریندنگ، داخلی وخارجی گیٹس اور خوبصورت لائٹس سے مزین کر دیا گیا

گوجرانوالہ (راناظفر اقبال قوت بیورو) ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ کا سیاحت کے فروغ کیلئے انقلابی اقدام، گوجرانوالہ کی تاریخی فوڈ سٹریٹ (مبنتھ والا محلہ فوڈ سٹریٹ) کو یو ٹیفارم بریندنگ، داخلی وخارجی گیٹس اور خوبصورت لائٹس سے مزین کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ فیصل اعجاز نے فوڈ سٹریٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر گوجرانوالہ فوڈ سوسیٹی میں شامل دکانوں کو مفت اندیشے اور فوڈ گیٹ فروخ دینے کے لیے منظر اور رنگا رنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی اقراء مبین گوندل اور دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت صفائی انتظامیہ گوجرانوالہ کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے کے لیے دن رات محنت کر رہی ہے جس میں تاجر برادری کی بھرپور معاونت حاصل ہے۔ گوجرانوالہ کے شہری بھی اپنا کردار ادا کریں، کوڑا کوڑے دان تک پہنچائیں، گلی محلوں، بازاروں، سڑکوں اور پارکس، گرین بیلٹس کو صاف ستھرا رکھیں، تجاوزات سے اجتناب کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنری اقراء مبین گوندل اور فوڈ سٹریٹ کی تاجر برادری کے تعاون کو سراہا اور کہا کہ ضلع گوجرانوالہ کی عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، گوجرانوالہ اللہ کے فضل سے ایک بریند ہے اور اس برانڈ کو متعارف کرانے کے لیے جو جدوجہد کی گئی ہے اس پر ہر ایک مبارکباد کا مستحق ہے۔ گوجرانوالہ کا حاصل اشٹھلہ ثابت ہوگا کہ گوجرانوالہ اپنے کھانوں اور پکوانوں کے حوالے سے بڑا مشہور ہے، یہاں پر جو روایتی کھانے خاص طور پر جو پورے پاکستان سے لوگ گوجرانوالہ میں کھانے پینے کے لیے آتے ہیں وہ یہاں پر دستیاب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ منظر فوڈ سٹریٹ کا قیام سیاحت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا اور فوڈ سٹریٹ کو مزید بہتر بنایا جائے گا اور پارکنگ ایریا سمیت مزید سہولیات کا اضافہ کیا جائے گا۔



ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 19 فروری 2025ء

ڈویژنل انتظامیہ فیصل آباد نے بے آسرا بچوں کی بھرپور سرپرستی کا فیصلہ کرلیا

کمشنر مریم خان نے فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لینے اچانک چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کا دورہ کیا



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ڈویژنل انتظامیہ فیصل آباد نے بے آسرا بچوں کی بھرپور سرپرستی کا فیصلہ کرلیا۔کمشنر مریم خان نے فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لینے اچانک چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کا دورہ کیا۔انہوں نے چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو میں صفائی کی صورتحال پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے واش کرانے کی ہدایت کی۔مریم خان نے کلاس رومز اور ہاسٹل میں جا کر تدریسی و رہائشی سہولیات چیک کیں، کھانے کے معیار کا معائنہ بھی کیا۔کمشنر نے ایک مقیم بچے کا طبی معائنہ کروا کر والدین کو ٹریس کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ بچوں کو بہترین ماحول فراہم کرنے کیساتھ معاشرہ کا کارآمد فرد بنانے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں۔ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن اور ڈسٹرکٹ انچارج چائلڈ پروٹیکشن بیورو بھی اس موقع پر ان کے ہمراہ تھیں۔کمشنر کا وزٹ کے دوران مزید کہنا تھا کہ تین دن بعد دوبارہ بیورو کا وزٹ کرکے سہولیات چیک کروں گی۔دستیاب وسائل کے مطابق بچوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کا نئی سبزی، فروٹ اور غلہ منڈی کی سائٹ کا تفصیلی دورہ

مزدوروں کی تعداد بڑھائی جائے اور کام جلد از جلد مکمل کیا جائے، افسران کو ہدایت



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے شہر سے باہر زیر تعمیر نئی سبزی، فروٹ اور غلہ منڈی کی سائٹ کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کی تکمیل میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔ڈپٹی کمشنر نے تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ساہیوال کی معیشت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا اور کاروباری طبقے کے لیے ایک سازگار ماحول فراہم کرے گا۔دورے کے دوران ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ محمد اکرم وٹو اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے وسائل اور محنت میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے تاکہ عوام جلد از جلد اس کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔دریں اثنا ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے زیر تعمیر ساہیوال تا پاکپتن روڈ کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔

ریلوے لائن پر فلائی اُوور کے تعمیراتی منصوبے کو برق رفتاری سے مکمل کیا جائے: ڈپٹی کمشنر

فلائی اُوور کے تعمیراتی کام میں کسی قسم کی تاخیر اور غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ 750 ملین کی لاگت سے بائی پاس ریلوے لائن پر فلائی اُوور کے تعمیراتی منصوبے کو برق رفتاری سے مکمل کی جائے تاکہ عوام کو ذرائع آمدورفت بہتر سہولیات میسر ہو سکیں۔فلائی اُوور کے تعمیراتی کام میں کسی قسم کی تاخیر اور غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی۔اس اہم عوامی رفاحی منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے وہ خود اس کی مانیٹرنگ کریں گے تاکہ فلائی اُوور کا یہ منصوبہ جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچ سکے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار فلائی اُوور کی سائٹ کے دورہ کے موقع پر کیا۔اسسٹنٹ کمشنر سٹی ویز اسجد علی اور ڈپٹی ڈائریکٹر نصیر عباس نے ڈپٹی کمشنر کو فلائی اُوور کے منصوبے بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ فلائی اُوور کے تعمیراتی کام میں خلل کے باعث شہریوں کو پہلے ہی کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لیکن اب حکومت پنجاب کی جانب سے اس کی تعمیر کے لیے فنڈز جاری کر دیے گئے ہیں۔محمد بانی وے اس بات کو یقینی بنائے کہ فلائی اُوور کے اس اہم منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے وسائل اور محنت میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے تاکہ عوام جلد از جلد اس کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔دریں اثنا ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے زیر تعمیر ساہیوال تا پاکپتن روڈ کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔

ہم معیار تعلیم کیلئے دن رات کوشاں ہیں: ایڈووکیٹ سریحان

دی نالج سکول تعلیم کے معیار کے لحاظ سے علاقے کا بہترین سکول سمجھا جاتا ہے



کوٹلی لوہاراں (انور سجاد تنیو) تفصیلات کے مطابق نمائندہ خصوصی روز نامہ قوت سے بات چیت کرتے ہوئے ایڈووکیٹ محمد ریحان نے کہا کہ ہم تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔دی نالج سکول تعلیم کے معیار کے لحاظ سے علاقے کا بہترین سکول سمجھا جاتا ہے۔دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ اس میں دینی تعلیم کا بھی معقول انتظام کیا گیا ہے۔دینی نظام حیات کو مدنظر رکھتے ہوئے طلباء اور طالبات کے لئے الگ الگ کیمپس کا انتظام کیا گیا ہے۔جہاں اساتذہ کرام بچوں کی دینی اور دنیاوی تعلیم پر بہترین انداز میں توجہ دے رہے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ دی نالج سکول کا میٹرک کا رزلٹ ہر سال سو فیصد آرہا ہے۔

جہلم شہر میونسپل کمیٹی کی مالکیت سرکاری ٹیوب بند واٹر سپلائی کنزیومر کو سخت مشکلات کا سامنا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میونسپل کمیٹی کی مالکیت سرکاری ٹیوب بند واٹر سپلائی کنزیومر کو سخت مشکلات کا سامنا دو ماہ کا عرصہ گزرنے کے باوجود ٹیوب ویل جون کا توں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق۔جہلم تھانہ اینٹی کرپشن سے ملحقہ میونسپل کمیٹی کا نصب سرکاری ٹیوب ویل پچھلے دو ماہ سے بند پڑا ہے شہریوں کا کہنا ہے معتدد مرتبہ میونسپل کمیٹی کے زمہ داران کو تحریری وزبانی طور پر اگاہ کر چکے ہیں شعبہ واٹر سپلائی کا زمہ داران مسلسل ٹرخا رہے ہیں پانی کی عدم دستیابی کیوجہ سے اہل علاقہ کو سخت مشکلات کا سامنا ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سے نوٹس لینے اور پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے

ڈسکہ اور گردونواح میں مرمت کے نام پر بجلی بند رہنا معمول بن گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ اور گردونواح میں مرمت کے نام پر بجلی بند رہنا معمول بن گیا بجلی کی بندش سے کاروبار اور نظام زندگی معطل ہو کر رہ گیا ڈسکہ اور گردونواح میں تقریباً 2 سال سے مرمت کے نام پر ہفتہ میں دو سے تین دن بجلی بند کرنا معمول بن گیا ہے بجلی بند کرنے کا جو شیڈول جاری کیا جاتا ہے اور شیڈول سے 2 سے 3 گھنٹے زائد بجلی بند رہتی ہے صبح سے شام تک بجلی بند رہنے سے دیہاڑی دار طبقہ بغیر دیہاڑی لگائے گھروں کو لوٹ جاتا ہے جس سے ان کے گھروں میں فاقے ہوتے ہیں ہر ہفتہ میں دو سے تین دن بند بجلی کے متعلق بتایا جاتا تھا کہ یہ سلسلہ صرف چند ماہ تک رہے گا مگر تقریباً 2 سال سے ہفتہ میں 2 سے 3 دن بجلی بند رہنے کا سلسلہ تاحال جاری ہے جو کاروباری، تجارتی صنعتی اور گھریلو صارفین کیلئے پریشانی اور مشکلات کا باعث بن رہا ہے بجلی بندش سے آن لائن کام کر نیوالے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں جبکہ کاروبار زندگی معطل ہو کر رہ جاتا ہے۔شہریوں نے اعلیٰ حکام اور بالخصوص کمپنیکو افسروں سے مطالبہ کیا ہے کہ پرمٹ کے نام پر ہفتہ میں دو سے تین روز بجلی بند رکھنا عوام کے ساتھ زیادتی ہے حکومت اس پرمٹ اور درختوں کی کٹائی کے نام پر بجلی کی بندش کو روکے تاکہ شہری اپنا کاروبار کر سکیں

ایس ایس پی آپریشنز نے انٹرن شپ پروگرام میں شرکت کرنیوالے طالبات میں سرٹیفکیٹس کی تقسیم

پنجاب پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیس کے مثبت پہلوؤں کو فروغ دیتے ہوئے پولیس اور عوام کے درمیان حائل خلیج کو ختم کرنا ہے

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق اور سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کی ہدایت پر دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں ڈسٹرکٹ پولیس کے سینئر افسران نے طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں کے بارے میں لیکچرز دیئے اور وزٹ کروائے۔پروگرام کی اختتامی تقریب اشرف مارتھ شہید پولیس لائنز آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہوئی۔طالبات سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیسنگ سے آگاہی اور اس میں بہتری کیلئے نوجوان کل کو ساتھ لے کر چلنا ہے، انٹرن شپ پروگرام اور طلباء و طالبات کے تعاون اور مشاورت سے کمیونٹی پولیسنگ کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی تقریب کے اختتام پر ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے انٹرنیز میں سرٹیفکیٹ تقسیم کئے۔ یوتھ انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں سے طالبات نے شرکت کی جنہیں دو ہفتوں پر محیط انٹرن شپ پروگرام میں پولیس ورکنگ کے متعلق آگاہی دی گئی۔دو ہفتوں پر محیط پروگرام میں پولیس کے سینئر افسران نے انٹرنیز کو پولیسنگ، پولیس کے تجدیدی اقدامات اور SIPS و دفاتر، آر پی او آفس، سی پی ڈی، پیشل برانچ، فرنٹ ڈیسک میٹاق سینٹر، تحفظ مرکز، ویمن ڈیسک، خدمت مراکز، انوسٹی گیشن، آپریشن، آئی ٹی، ہیلپ سٹی گوجرانوالہ اور دیگر دفاتر میں پولیس کی ورکنگ کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔انہوں نے مزید کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ سے پولیس اور شہریوں کے درمیان موثر اشتراک سے ہی جرائم کا خاتمہ ممکن ہے۔اختتامی تقریب کے موقع پر انٹرنیز نے انٹرن شپ پروگرام کے انعقاد پر پنجاب پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کیمونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے تجدیدی اقدام ہے جس سے یہ سیکھنے کا موقع ملا کہ محدود وسائل کے باوجود قیام امن اور پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے پولیس کی طرف سے بہترین اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں۔ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے کہا کہ یوتھ انٹرن شپ پروگرام کا سلسلہ جاری رہے گا۔

ڈویژن بھر میں تمام مین ہولز کی دوبارہ چیکنگ کی ہدایت

مین ہولز کی چوری روکنے کے لئے زیرو ٹالرینس کی پالیسی اختیار کریں، کمشنر کی ہدایت



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا پتوکی میں 2 افراد کی مین ہول میں گر کر اموات پر ڈویژن بھر میں تمام مین ہولز کی دوبارہ چیکنگ کی ہدایت، تمام چیف آفیسرز خصوصی سکواڈ تشکیل دیں جو مین ہولز کی مسلسل نگرانی کریں، مین ہولز کی چوری روکنے کے لئے زیرو ٹالرینس کی پالیسی اختیار کریں، کمشنر کی ہدایت۔وہ یہاں اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے جس میں سی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار احمد، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر پی ایچ اے نیاز احمد مغل، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر ساہیوال ڈویلپمنٹ اتھارٹی عدنان اکرم چغتائی، ڈی جی ریسکیو 1122 ساہیوال ریجن ڈاکٹر عمران حمید، DPO ساہیوال رانا طاہر حسن خان اور ایس پی RIB شیخوپورہ نوید ارشاد نے بھی۔فزیکل ٹیسٹ کے موقع پر سی سی ٹی وی کیمروں، ڈرون کیمروں اور پولیس کمانڈ اینڈ کنٹرول وہیکل کے ذریعے نگرانی کو یقینی بنایا گیا اور سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔بھرتی ٹیسٹ میں 3 ہزار سے امیدواروں نے حصہ لیا جس کے لیے امیدواروں کے شناختی کارڈ چیکنگ اور بائیومیٹرک تصدیق بھی کی گئی۔اس موقع پر ڈی آئی جی عمران حیدر اور ڈی پی او ساہیوال کا کہنا تھا کہ مرد و خواتین کانسٹیبلان کی بھرتی کا تمام عمل میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر ہوگا کسی امیدوار کے ساتھ کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

اشیاء خورونوش کی قیمتوں کا استحکام کے اقدامات کئے جائیں: ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر

بازاروں اور مارکیٹوں میں عارضی تجاوزات قائم کرنے پر دوکانداروں کے خلاف سخت ایکشن لینے سے گریز نہیں کیا جائیگا



جھنگ (بیورو رپورٹ) رمضان المبارک کے دوران اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو استحکام میں رکھنے کیلئے متنظم حکمت عملی مرتب کی جارہی ہے ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ضلعی انجمن تاجران سے میٹنگ کے دوران کیا۔اس موقع پر تجاوزات کے خاتمے، اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو مستحکم کرنے اور سستے رمضان بازاروں کے قیام کے حوالہ سے ضروری امور زیر بحث لائے گئے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ رمضان المبارک کی آمد کے پیش نظر اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو مستحکم کرنے اور سستے رمضان بازاروں کے قیام کے حوالہ سے تاجر برادری سے بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔مزید برآں ڈپٹی کمشنر نے انجمن تاجران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بازاروں اور مارکیٹوں میں عارضی تجاوزات قائم کرنے پر دوکانداروں کے خلاف سخت ایکشن لینے سے گریز نہیں کیا جائیگا۔

راوین سکول سسٹم 45 گ ب کی افتتاحی تقریب

قیوم رحمت (زونل ہیڈ راوین سکول سسٹم) کی بطور مہمان خصوصی شرکت، آمد پر والہانہ استقبال



سمندری (تحصیل رپورٹر) راوین سکول سسٹم 45 گ ب کی افتتاحی تقریب، قیوم رحمت (زونل ہیڈ راوین سکول سسٹم) کی بطور مہمان خصوصی شرکت، آمد پر والہانہ استقبال، تفصیلات کے مطابق جدید تعلیم سے آراستہ راوین سکول سسٹم 45 گ ب کے افتتاح کے موقع پر پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں زونل ہیڈ راوین سکول سسٹم قیوم رحمت نے خصوصی شرکت کی، اس موقع پر راؤ تنویر عالم (سابق یوسی چیئرمین) ماسٹر میاں جمیل اختر، سردار عرفان ڈوگر (سابق کونسلر) وسیم مونن گجر بطور مہمان اعزاز تقریب میں شریک ہوئے، تقریب میں پہنچنے پر معزز مہمانوں کا ڈائریکٹر حامد عباسی دانیوال نے والہانہ استقبال کیا۔اس موقع پر خالد عثمان، سر طارق رضوان، سر شاہد الرحمن، شاہد رشید گجر، چوہدری عبد الرشید ایڈووکیٹ سنز سمیت کثیر تعداد میں شرکاء موجود تھے، مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ راوین سکول سسٹم کا آغاز اہل علاقہ کیلئے خوشخبری ہے کہ اس ادارہ میں جدید تعلیم فراہم کی جائے گی، تقریب کے آخر میں حامد عباسی دانیوال نے معزز مہمانوں کو شیلڈز تقسیم کیے

اندرون سٹی فلائی اوور اور کھیالی بائی پاس مرمتی کام کے حوالہ سے سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کا ٹریفک پلان جاری

ٹریفک پولیس تمام تر افرادی قوت اور وسائل کو استعمال کرتے ہوئے شہریوں کی خدمت میں مصروف عمل ہے: سی ٹی او عائشہ بٹ



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ نے مرمتی شاہراہوں کے حوالہ سے ٹریفک ڈائیورشن پلان کو مزید موثر بناتے ہوئے ایڈوائزری جاری کر دی۔اندرون شہر فلائی اوور کی ایک سائیڈ شیخوپورہ موڑ جانب لاری اڈہ کو مرمت کے بعد کھول دیا گیا ہے، جبکہ لاری اڈہ سے جانب شیخوپورہ موڑ فلائی اوور پر مرمتی کام جاری ہے۔اس حوالہ سے شہری جی ٹی روڈ سے شرقی علاقوں میں جانے کے لئے سیالکوٹ روڈ، ڈی سی روڈ انڈر پاس، ڈیوڑھا پھاٹک، کچہری پھاٹک، سیالکوٹی پھاٹک، فیروزوالہ پھاٹک، حیدری انڈر پاس، پیپلز کالونی انڈر پاس یا کھنگنی والہ بائی پاس کا راستہ استعمال کرتے ہوئے سفر کریں۔اسی طرح انہی راستوں سے جانب جی ٹی روڈ سفر کر سکیں گے۔ماسوائے فلائی اوور شرقی سائیڈ کے تمام راستے ٹریفک کے لئے کھلے رہیں گے۔کھیالی بائی پاس فلائی اوور کے نیچے مرمتی کام کی وجہ سے سلپ ٹرنز کھلے ہوئے ہیں، شہری لائن لین کی پابندی کرتے ہوئے سفر کریں۔سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا کہنا تھا کہ ٹریفک پولیس تمام تر افرادی قوت اور وسائل کو استعمال کرتے ہوئے شہریوں کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔شہر بھر میں جاری ترقیاتی کاموں کے حوالہ سے ٹریفک پولیس کی اضافی نفری تعینات کی گئی ہے۔جو کہ ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔شہر کی مرکزی شاہراہ مین جی ٹی روڈ پر روزانہ تقریباً بارہ سے پندرہ لاکھ گاڑیاں اور موٹر سائیکلز رواں دواں رہتی ہیں۔جن کو ٹریفک پولیس روزانہ کی بنیاد پر مینیج کرتی ہے۔شہر میں موٹر سائیکلز اور رکشہ حائے کی بہتات ہے، اور ٹریفک میں مسائل کا بڑا سبب بھی یہی ہیں، سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ نے شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ شہری لائین لین اور ٹریفک قوانین کی پابندی کرتے ہوئے سفر کریں اور ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔

پاکستان کیمرج سکول کے طلبا و طالبات کا ڈسٹرکٹ پریس کلب کا تعلیمی دورہ

پریس کلب پہنچنے پر صدر پریس کلب جاوید اسد اور سینئر نائب صدر حافظ عبدالقدیر چودھری نے بچوں کا پرتپاک استقبال کیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان کیمرج سکول کے طلبا و طالبات نے ڈسٹرکٹ پریس کلب کا تعلیمی دورہ کیا۔جس کا مقصد بچوں کو صحافت کے بنیادی اصولوں اور میڈیا کے نظام سے آگاہ کرنا تھا۔پریس کلب پہنچنے پر صدر پریس کلب جاوید اسد اور سینئر نائب صدر حافظ عبدالقدیر چودھری نے بچوں کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں گلدستے پیش کیے۔پاکستان کیمرج سکول کے چیف ایگزیکٹو، سابق صدر پریس کلب نعیم قریشی کی قیادت میں دورہ پر آئے طلبہ نے صحافیوں کے کام کے طریقہ کار، خبر کی تیاری اور پریس کلب کے قواعد و ضوابط اور طریقہ کار کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔بچوں نے صحافت کے شعبے سے متعلق متعدد سوالات کیے، جن میں صحافی بننے کا طریقہ، الیکٹرانک میڈیا اور پرنٹ میڈیا میں فرق اور سوشل میڈیا کے میڈیا پر اثرات شامل تھے۔اس موقع پر صدر پریس کلب چودھری جاوید اسد اور سینئر نائب صدر حافظ عبدالقدیر چودھری نے طلبہ کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ صحافت ریاست کا چوتھا ستون تسلیم کیا جاتا ہے صحافت کو عام زبان میں پریس بھی کہا جاتا ہے، پریس کی آزادی کسی بھی جمہوری ملک میں اہم ترین آزادی کی حیثیت رکھتی ہے یہ آزادی ایک اہم مقصد کے تحت فراہم کی جاتی ہے اور وہ ہے کہ کسی بھی طرح کے حقائق کو عوام کے سامنے لانے سے کوئی روک نہیں سکے نیز جمہوری حکومت کی کسی بھی پالیسی پر عوام سوال کر سکیں کیونکہ جمہوری نظام حکومت میں عوام ہی حکومت کا انتخاب کرتی ہے اور اصولی طور پر حکومت عوام کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پریس کسی کی حمایت کرنے میں آزاد ہے لیکن اسے پختہ حقائق، سچے بیانات اور نتائج کے درمیان فرق کو واضح رکھنا ہوگا عوامی مفاد کے پیش نظر کسی بھی جرم کو بے نقاب کرنا، مجرموں کو قانون کے دائرے میں لانے کے لئے سنجیدہ کوششیں کرنا صحافت کی ذمہ داری ہے، سماج کو جرائم پیشہ افراد کی گرفت سے آزاد رکھنے میں میڈیا کا یقیناً ایک اہم رول رہا ہے۔ایک صحافی بننے کے لیے حالات حاضرہ پر گہری نظر، تحقیق کی صلاحیت اور غیر جانبداری بنیادی خصوصیات ہیں۔انہوں نے صحافت کی اقسام پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ جمہوری ملک میں صحافت کو جمہوریت کا چوتھا ستون تسلیم کیا جاتا ہے صحافت کی آزادی ایک اہم مقصد کے تحت فراہم کی جاتی ہے اور وہ ہے کہ سماج کو جرائم پیشہ افراد کی گرفت سے آزاد رکھنے میں میڈیا کا یقیناً ایک اہم رول رہا ہے۔

صفہ گرلز سیکنڈری سکول دیپال پور کا شاندار اعزاز، طالبہ نے صوبائی تقریری مقابلہ جیت لیا

دینی، مذہبی، سیاسی و سماجی اور عوامی حلقوں کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری



دیپال پور (تحصیل رپورٹر) صفہ گرلز سیکنڈری سکول دیپال پور کا شاندار اعزاز۔ادارہ حذا کی ہونہار طالبہ حافظہ ایمان ادریس نے صوبائی تقریری مقابلہ جات میں پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔دینی، مذہبی، سیاسی و سماجی اور عوامی حلقوں کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری۔تفصیلات کے مطابق صفہ گرلز سیکنڈری سکول حیدر شاہ کالونی دیپال پور کی ہونہار طالبہ حافظہ ایمان ادریس نے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ہونے والے تقریری مقابلہ جات میں پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے نا صرف ادارہ حذا بلکہ پنجاب کی سب سے بڑی تحصیل دیپال پور کا نام بھی روشن کر دیا۔صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات بیکر ٹری ایجوکیشن پنجاب پریس کلب دیپال پور، ڈی او ایجوکیشن، ڈی ای او، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر، ڈسٹرکٹ آفیسر، ڈپٹی ڈی او، ایجوکیشن آفیسر، ایس ڈی او، ایجوکیشن آفیسر، ایس ایس ڈی او، ایجوکیشن آفیسر، ایس ڈی او، ایجوکیشن آفیسر، ایس ڈی او، ایجوکیشن آفیسر،

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مسلح افواج اور قوم ملکر دہشتگردی کا خاتمہ کریں

پاکستان کو اس وقت دہشت گردی کی ایک نئی لہر کا سامنا ہے جس کی وجہ سے ملک کے دو صوبوں میں مسلسل تخریب کاری کی کارروائیاں ہو رہی ہیں۔ امن دشمن عناصر کی طرف سے کی جانے والی ان کارروائیوں سے ہونے والا جانی و مالی نقصان تو اپنی جگہ۔ لیکن اس سلسلے میں یہ بات زیادہ اہم ہے کہ یہ عناصر عوام کی ذہن سازی کے لیے یہ بیانیہ اختیار کیے ہوئے ہیں کہ ان میں سے کچھ اللہ کے نام پر لڑ رہے ہیں جبکہ دیگر اپنی آزادی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ فساد پھیلانے والے ان تمام عناصر کا مذہب اور آزادی جیسی مثبت اصطلاحات سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ یہ اپنے آقاؤں کے ایما پر پاکستان کو غیر مستحکم بنانے کے عمل میں مصروف ہیں۔ ان عناصر کے ناپاک عزائم کو پاکستان کی مسلح افواج نے ماضی میں بھی خاک میں ملا کر ملک کو محفوظ و مامون بنانے کا فریضہ انجام دیا تھا اور اب بھی ان امن دشمنوں کا قلع قمع کر کے ہماری غیور افواج پاکستان کو مضبوط و مستحکم بنانے کے لیے کردار ادا کر رہی ہیں۔ ان عناصر کے مخفی پروپیگنڈے کا جواب بھی مختلف محاذوں پر دیا جا رہا ہے۔ اسی سلسلے میں پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے 12 فروری کو ملک بھر کی جامعات سے تعلق رکھنے والے طلبہ سے ملاقات کی جس میں انھوں نے کہا کہ جب تک قوم اور بالخصوص نوجوان ساتھ کھڑے ہیں پاک فوج کبھی نہیں ہارے گی، ہمارے لیے پاکستانیت سب سے اہم ہے، ہم فتنہ الخوارج کے فسادیوں سے لڑ رہے ہیں، اسلام کی غلط تشریح کرنے والے گمراہ کن گروہ کو کبھی ملک پر ان کا ایجنڈہ مسلط نہیں کرنے دیں گے۔ آرمی چیف نے طلبہ سے خصوصی گفتگو میں کہا کہ نوجوانوں سے گفتگو ہمیشہ میرے لیے انتہائی خوشی کی حامل ہوتی ہے اور نوجوانوں سے بات کر کے اس حقیقت کی تجدید ہوتی ہے کہ ہمارا مستقبل محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ جب تک قوم اور بالخصوص نوجوان ساتھ کھڑے ہیں اور جب تک ہم میں قربانی کا جذبہ موجود ہے، پاک فوج کبھی نہیں ہارے گی۔ ہم کامریڈز کی طرح لڑتے ہیں، فوج کا یہی تو مزہ ہے کہ ہمیں کچھ پتا نہیں ہوتا کہ کون سندھی، کون پنجابی، کون بلوچ اور کون پٹھان ہے، ہم بس ساتھیوں کی طرح ملک کے دشمنوں سے لڑتے ہیں، ہمارے لیے صرف پاکستانیت ہی اہم ہے اور ہمیں اس سے محبت ہے۔ آرمی چیف نے مزید کہا کہ ہم آج کل فتنہ الخوارج کے فسادیوں سے لڑ رہے ہیں، آپ سمجھ رہے ہیں کہ یہ جہاد کر رہے ہیں مگر یہ خارجی اور دین سے نکلے ہوئے ہیں کیونکہ انھوں نے اسلام کی خود ساختہ تشریح کر رکھی ہے جس کی اسلام میں اجازت نہیں ہے۔ یہ اسلامی تعلیمات کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ اپنے خطاب کے دوران آرمی چیف نے قرآن پاک کی آیات کے حوالے بھی دیے۔ ان کا کہنا تھا کہ فوج آج بھی فتنہ الخوارج سے روزانہ کی بنیاد پر لڑ رہی ہے اور مذہب کے حوالے سے ان کی خود ساختہ تشریح سے اتفاق نہیں کرتی۔ آرمی چیف نے دہشت گردوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ چاہے وہ ماں ہو، بیوی ہو یا بہن، کسی بھی کردار میں عورت کو سب سے زیادہ عزت اسلام نے دی ہے تو آج اسے چھیننے والے تم کون ہوتے ہو؟ تمھیں یہ اختیار کس نے دیا؟ خواتین سے یہ اختیار کوئی نہیں چھین سکتا۔ آرمی چیف نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ اس قسم کے گمراہ گروہ کو ہم کبھی بھی ملک پر اپنی اقدار مسلط کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ایک طرف پاکستان کی بہادر افواج اپنا کردار ادا کر رہی ہیں تو دوسری جانب فساد پھیلانے والے عناصر کی کارروائیاں بھی جاری ہیں۔ اسی سلسلے کی بلوچستان کے ضلع قلات میں ہونے والی ایک کارروائی میں لیویز چوکی پر دہشت گردوں کے حملے میں گذشتہ روز ایک اہلکار شہید جبکہ دو زخمی ہو گئے۔ ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کا کہنا ہے کہ لیویز فورس کے بہادر جوانوں نے فوری جوابی کارروائی کی جس سے حملہ آور پسپا ہو کر فرار ہو گئے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قلات میں لیویز پوسٹ پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ اسی نوعیت کا ایک واقعہ خیبر کے علاقے قمبر خیل میں بھی پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح حملہ آوروں نے فائرنگ کر کے ایک پولیس اہلکار کو شہید کر دیا اور فرار ہو گئے۔ ان قاتلوں کی گرفتاری کے لیے علاقے کی ناکہ بندیاں کر دی گئی ہیں۔ دہشت گردوں کی ان کارروائیوں سے جانی و مالی نقصان تو ہو رہا ہے لیکن عوام کو یہ سمجھ بھی آ رہی ہے کہ ان واقعات میں ملوث عناصر کسی بھی طرح اسلام اور پاکستان کے خیر خواہ نہیں ہیں بلکہ یہ فتنہ و فساد پھیلانے والے وہ مہرے ہیں جنھیں بیرون ملک بیٹھے دشمن استعمال کر رہے ہیں۔ یہ عناصر ملک کو عدم استحکام کی طرف دھکیلنے اور اس کی بقا کو خطرے میں ڈالنے کے لیے فوج اور عوام کے درمیان نفرتوں کی خلیج پیدا کرنے کی سازش کر رہے ہیں۔ فوج اور قوم نے مل کر ان امن دشمن عناصر کی سازش کو ناکام بنایا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ملک کی بقا کی خاطر سب سے زیادہ قربانیاں فوج نے دی ہیں اور یہ سلسلہ اب تک جاری ہے۔ فوج یقیناً ملک کی بقا کی ضامن ہے اس لیے اس کے خلاف کسی بھی قسم کی سازش برداشت نہیں کی جانی چاہیے، خواہ وہ سازش دہشت گردی کرنے والے عناصر کی طرف سے ہو یا سیاسی نعرے لگانے والوں کی جانب سے۔

زندہ انسان

تاریخ انسانی کا ورق ورق شاہوں اور شاہ نوازوں کے واقعات سے بھرا پڑا ہے ہر دور میں ظالم اور مادیت پرست ہی نظر آئے تاریخ انسانی کا ہر دور ضمیر کے تاجروں اور وفا کے سوداگروں سے بھرا ہوا نظر آتا ہے لیکن اِن شاہوں کے تذکروں کے ساتھ ساتھ ہمیں ایسے کردار کے پہاڑوں سے بھی واسطہ پڑتا ہے جنہوں نے ہر دور میں قرب شاہی پر خود آگاہی کو ترجیح دی جنہوں نے ظلم کو حق کہنے سے ہمیشہ انکار کیا جنہوں نے ہر دور میں حق اور انسانیت کا ساتھ دیا اور کبھی بھی ضمیر کا سودا نہیں کیا ایسے ہی کردار کے غازی ہوتے ہیں جن کے سامنے بڑے بڑے لوگ پانی بھرتے نظر آتے ہیں یہی وہ سودائی ہیں جن کے کردار کی روشنی سے گلستان ہستی کے رنگ قائم و دائم ہیں خدانخواستہ اگر یہ لوگ نہ ہوتے تو کردار اور انسانیت کا تسلسل کیسے قائم رہتا۔ اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ بڑے لوگ صرف بڑے شہروں یا بڑی درس گاہوں سے ہی طلوع ہوتے ہیں سچ تو یہ ہے کہ یہ مفروضہ غلط ہے بڑا ہونے کے لئے بڑا شہر بڑی مشہور درس گاہ سے پڑھا لکھا ہونا ضروری نہیں بڑا ہونے کے لیے سچا جذبہ درکار ہوتا ہے۔ روشنی کے لئے گھی کے چراغ نہیں روشن دماغ مطلوب ہوتے ہیں منزل پانے کے لیے شارٹ کٹ سفارش کی نہیں اعلیٰ سوچ کی ضرورت ہوتی ہے ناموری کے لئے اقتدار کے ایوانوں میں اہل اقتدار کے جوتے چاٹنا ضروری نہیں خداداد ذہانیت کام آتی ہے نیک نامی اشتہار یا صحافیوں کو خریدنے سے نہیں حسن کردار ٹھوس کردار سے ملتی ہے تاریخ میں زندہ امر ہونے کے لئے پبلسٹی نہیں نیک نیتی ضروری ہے کسی بڑے کام کی تکمیل کے لیے کوچہ اقتدار کی چاکری ضروری نہیں یہ چھوٹے شہروں میں بھی ممکن ہے۔ زندگی خدائے بزرگ برتر کا سب سے قیمتی انعام ہے زندگی کا سفر بہت طویل اور پر پیچ بھی ہے اِس کو ہر ایک نے طے کرنا ہے سکندر اعظم نے آدھی عمر گھوڑے کی پیٹھ پر دنیا فتح کرنے میں گزاری چنگیز ہلاکو اور تیمور نے انسانوں کا قتل عام کرنے میں جمشید جام جہاں نما کے سامنے بیٹھا رہا قیصر و کسری تخت کے پائے چوبیں سے چھپ کر زندگی گزارتے رہے دیو جانس کلبی نے ایک ٹب میں ساری زندگی مراقبے میں گزار دی منصور نعرہ حق میں سولی چڑھ گیا رانجھا ہیر کی دھن میں گم رہا قیس نے لیلیٰ کے پیچھے صحرا گردی میں زندگی گزار دی اہل اقتدار نے اقتدار کے حصول اور اس کو قائم رکھنے میں شب و روز گزار دیئے شہرت اور ناموری کے دیوانوں نے حماقتوں کی لمبی لمبی داستانیں رقم کیں زندگی کی ہنگامہ خیزیوں میں انسان اِس بری طرح گم ہوتا ہے کہ وہ موت کو بلکل بھول جاتا ہے موت اتنی برق رفتاری سے آتی ہے کہ بادشاہوں کو تخت و تاج اور گداں کو اپنا بوریا بستر لپیٹنے کا موقع نہیں دیتی کوئی شاہی محل میں آخری ہچکی کے یا فٹ پاتھ پر مٹی کا ڈھیر بنے دنیا کے مہنگے ترین ہسپتالوں اور ماہر ترین ڈاکٹروں کے ہاتھوں موت کے اندھیرے غار میں اتر گئے آخری آرام گاہ وہی دو گز بھر زمین اوپر سے کچی مٹی کا لیپ اور پانی کا چھڑکا قبر آپ سنگ مرمر سے بنا دیں گنبد مینار اور کلس سجا دیں بچھونا وہی خاک رہے گا موت اتنا اچانک وار کرتی ہے کہ سارے منصوبے اور احتیاطی تدابیر دھری کی دھری رہ جاتی ہیں بادشاہوں نے مضبوط چٹانوں سے فصیلیں بلند و بالا کھڑی کیں لیکن موت نے آدبوچا گداوں نے دنیا چھوڑ دی ساری عمر



سجدوں میں گزار دی لیکن موت نے آ پکڑا موت کے سامنے نہ کوئی بادشاہ نہ کوئی گدا نہ موت سادگی دیکھتی ہے نہ شاہی لباس کو چرفنا سے گزرنا ہر ایک کے مقدر میں لکھا ہوا ہے اگر موت کو حقیقت سمجھ کر قبول کر لیا جائے تو ٹھیک ہے ورنہ جانوروں کی طرح ہانک کر لے جایا جاتا ہے خوش قسمت ہوتے ہیں وہ لوگ جو موت کا روز محشر کا خیال رکھتے ہیں ایسے لوگ زندگی کو خدا کا عطیہ سمجھتے ہیں اور موت کو فیصلہ خداوندی ایسے لوگ بازار حیات سے گزرتے ضرور ہیں لیکن وہ اِس کے خریدار نہیں ہوتے موت کی اندھی غار میں اترتے ضرور ہیں لیکن فنا نہیں ہوتے ہر گزرتے دن کے ساتھ انسان کرہ ارض پر بڑھتے جا رہے ہیں لیکن اچھے انسان گھٹتے جا رہے ہیں جگر مرادآبادی نے کیا خوب کہا ہے۔

گھٹ گئے انسان بڑھ گئے سائے ویسے تو ہر دور میں ہی اچھے انسانوں کا قحط رہا ہے لیکن موجودہ مادیت پرستی میں غرق دور میں تو انسان بہت ہی نایاب ہو گیا اگر کبھی بھولے بسرے کو ئی انسان مل جائے تو اس کے پاس سے اٹھنے کو دل ہی نہیں کرتا ایسا ہی ایک زندہ انسان میرے سامنے بیٹھا تھا اس کے چہرے پر شفیق دلنواز پھیلی مسکراہٹ نے مجھے اس کو گرویدہ کر دیا تھا میں اس کی کمپنی سے لطف اندوز ہو رہا تھا یہ انوکھا شفیق انسان پچھلے کئی گھنٹوں سے اپنے کردار اور شفیق مسکراہٹ کی خیرات بانٹ رہا تھا اپنی ذات کو ترک کر کے دوسروں کے کام آنے کی کوشش کر رہا تھا اپنی خوشی پر دوسروں کی خوشی کو ترجیح دے رہا تھا میرے سامنے مرگی زدہ بچے کی اگلے تین سال کی رقم کا بندوبست کر چکا تھا میں اس کردار کے K2 سے بہت متاثر ہو چکا تھا میں اِس کے بارے میں جاننا چاہتا تھا اس کے خدمت خلق اور شفیق تبسم کا اصل راز کیا ہے اِس کو جاننے کے لیے میرا تجسس نقطہ عروج پر تھا ۔میرے پوچھنے پر اس نے بتایا کافی سال قبل محنت مزدوری کے لیے وہ یورپ چلا گیا ابتدائی سالوں کی مشکلات کے بعد اللہ تعالی نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور میں چند سالوں میں ہی امیر ترین بندوں میں شامل ہو چکا تھا بے پناہ دولت شہرت اور کامیابی کو میں اپنی ذہانت قرار دیتا تھا کہ یہ سب کچھ میں نے اپنی عقل کے بل بوتے پر حاصل کیا ہے میں خود کو ایک سمجھ دار اور عقل مند آدمی سمجھنے لگا تھا کہ عزت دولت اور کام کیسے نکلوانا ہے یہ ایک آرٹ ہے اور یہ آرٹ مجھے خو ب آتا ہے میں اپنی چالاکیوں اور دماغ کو ہی ہر کامیابی کی کنجی سمجھنے لگا تھا جب میں ہر کامیابی کو عطیہ خداوندی کی بجائے اپنی کوشش اور چالاکی سمجھ رہا تھا تو آہستہ آہستہ میں غرور اور گھمنڈ میں مبتلا ہوتا چلا گیا کیونکہ میں نے دولت کے ڈھیرا کھٹے کر لئے تھے اب میں نے لمبی منصوبہ بندی شروع کر دی کہ کس طرح بیوی بچوں کے ساتھ بھرپور کامیاب زندگی گزارنی ہے میں نے مہنگی مضبوط ترین گاڑیاں لے لیں میں نے مضبوط وسیع و عریض گھر خرید لیا اور مختلف شہروں میں اپنے کاروبار کے نیٹ ورک کو پھیلا دیا پیسے کے زور پر میں ہر چیز خرید رہا تھا میں دن رات اِس کوشش میں تھا کہ میں وہ تمام چیزیں خرید لوں جن کے بل بوتے پر میں اور میری فیملی بھرپور کامیاب زندگی گزار سکیں میں خود ہی خدا بن کر فیصلوں پر فیصلے کئے جا رہا تھا کہ مجھے کامیاب زندگی گزارنے کا طریقہ آتا ہے پیسہ کس طرح کمانا ہے معاشرے کے بااثر لوگوں سے تعلقات کیسے بنانے ہیں یہ سب مجھے آتا ہے روپے پیسے کے بل بوتے پر نوکروں کی فوج دن رات میری آسائشیں و آرام کے لیے مستعد کھڑی رہتی میں فرعون بنا نوکروں کو حکم پر حکم دیتا رہتا میں انسانوں کو جانور سمجھنا شروع ہو گیا کہ اگر یہ غریب ہیں تو اِس میں اِن کا قصور ہے یہ عقل نہیں رکھتے یہ زندگی کا آرٹ نہیں جانتے میں انسانوں کو کیڑے مکوڑے سمجھتا تھا۔ لیکن پھر وہ دن آیا جس کا میں تصور بھی نہیں کر سکتا تھا ایک دن ٹریفک حادثے میں میرا پورا خاندان زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا میں بہت زیادہ دولت کا روبار کے ساتھ دنیا میں وہ اکیلا رہ گیا میں جو ہر چیز کو حاصل کرنے کا آرٹ جانتا تھا بے بسی اور دکھ میں غرق ہو چکا تھا کیونکہ میں پوری دولت دے کر اور اپنی تمام ذہنی صلاحیتوں کو استعمال کر کے بھی اپنے خاندان واپس نہیں لا سکتا تھا۔ میں ڈپریشن کا شکار ہو گیا کاروبار عدم توجہ کی وجہ سے برباد ہوتا چلا گیا اور میں فقیر بن کر سڑک پر آ گیا قرضوں کا بوجھ اتنا بڑھ گیا میں دیوالیہ ہو گیا میں موت کے قریب پہنچ گیا کہ پھر مجھے ایک مسیحا انسان ملا اس نے مجھے بتایا حقیقی زندگی خدمت خلق اور دوسروں کی آسانی میں ہے میں نے دوبارہ کا روبار شروع کیا دوبارہ شادی کی اب پھر میرا کاروبار اچھا ہو رہا ہے لیکن مجھے اچھی طرح سمجھ آ گئی ہے کہ زندگی اور کامیابی عطیہ خداوندی ہے اپنی ذہانت نہیں میرا مشن ہے میں اچھے لوگوں سے ملتا ہوں اِسی لیے آپ کے پاس آیا ہوں میرے اوپر خدا بہت مہربان ہے مجھے آپ سے کوئی کام نہیں آپ سے صرف یہ دعا کی درخواست ہے کہ خدا کبھی مجھے سے پھر ناراض نہ ہو جائے میں خوشگوار حیرت سے پردیسی کو دیکھ رہا تھا کہ جس کو خدا نے لاٹھی سے مار کر اپنے قریب کر لیا ورنہ جو غرور کی گھاٹی میں گرتا ہے وہ کبھی نہیں ابھرتا۔

پاکستانیت سے محبت

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے 12 فروری کو ملک بھر کی جامعات سے آئے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب تک قوم بالخصوص نوجوان ساتھ کھڑے ہیں، ہم فتنہ الخوارج کے فسادیوں سے لڑ رہے ہیں، فسادی پہلے سرینڈر پھر رحم کی توقع کریں، اسلام کی غلط تشریح کرنے والے گمراہ کن گروہ کو کبھی ملک پر اپنی اقدار مسلط نہیں کرنے دینگے۔ آرمی چیف نے قرآن پاک کی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے خارجیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے احکامات بیان کرتے ہوئے کہا کہ،، یہ اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ سے جنگ کرتے ہیں اور زمین پر فساد برپا کرتے ہیں، ان کی سزا یہ ہے کہ انہیں ختم کر دو، پھانسیوں پر لٹکا دو اور ان کے ہاتھ پاؤں مخالف سمت سے کاٹ دو یا انہیں اپنی زمین سے دربدر کر دو، یہ سزا دنیا میں ہے اور آخرت میں انہیں اس سے بڑا عذاب دیا جائے گا۔ آرمی چیف نے مزید کہا کہ اللہ تعالیٰ نے خارجیوں کے لیے ایک گنجائش رکھی ہے کہ وہ تمہاری (مسلمانوں کی) گرفت میں آنے سے قبل تائب ہو جائیں اور سرِ تسلیم خم کر دیں (ہتھیار ڈال دیں) تو انہیں پتہ ہونا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ بہت غفور رحیم ہے، فسادی ریاست کے سامنے خود کو سرنڈر کر دیں تو اُن کیلئے رحم کی گنجائش موجود ہے۔ آرمی چیف نے فتنہ الخوارج کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ عورت چاہے ماں ہو، بیوی ہو یا بہن، کسی بھی کردار میں عورت کو سب سے زیادہ عزت اسلام نے دی ہے تو آج اسے چھیننے والے تم کون ہوتے ہو؟ تمہیں یہ اختیار کس نے دیا؟ آرمی چیف نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ اس قسم کے گمراہ گروہ کو ہم کبھی بھی ملک پر اپنی اقدار مسلط کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ہماری تاریخ ایسے بے شمار واقعات سے بھری ہوئی ہے جب قوم اور افواج نے مل کر ملک و ملت کی بقا کے لیے قربانیاں دی ہیں۔



انسانی سمگلنگ

آج کا کالم دو حصوں پر مشتمل ہے پارٹ ون ادبی تقریب کے متعلق ہے جبکہ پارٹ ٹو ایک معاشرتی مسئلے ''انسانی سمگلنگ'' پر ہے فیصل آباد شہر ادبی سرگرمیوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے حلقہ ارباب ذوق لائل پور شہر میں قائم ہوئے تو عرصہ دراز ہو گیا ہے آج کل ادبی کاموں میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہے حلقہ ارباب ذوق نے اپنی ادبی سرگرمیوں کا مرکز پریس کلب کو بنایا ہوا ہے شاعر اور صحافی حمید شاکر اس کارواں کے سرخیل ہیں جبکہ میاں بشیر اعجاز، اشفاق بابر، ڈاکٹر میمونہ سبحانی، صحافی، استاد اور شاعر مکرمی عزیزم قمر عباس قمر ہر پروگرام کو کامیاب بنانے میں سرگرداں نظر آتے ہیں حلقہ ارباب ذوق کا پروگرام بھی دو حصوں پر مشتمل تھا پہلا حصہ ایک ادبی شخصیت کے گرد گھومتا تھا دوسرا حصہ مشاعرے پر مشتمل تھا دونوں پروگرام کی صدارت پروفیسر ریاض مجید کے حصے میں آئی لائل پور کی صحافی، سیاسی تاریخ کا درخشاں ستارا، لائل پور کی صحافت کا مولانا ظفر علی خاں عوام اخبار کے ایڈیٹر ان چیف محبّ آل رسول "خلیق قریشی کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی اظہار خیال کرنے والوں میں حمید شاکر نے مدلل مضمون پیش کیا جبکہ خلیق قریشی خانوادے کے چشم چراغ احمد ثبات، بشیر اعجاز، معظم بن ظہور، اصغر علی تبسم اور قمر عباس قمر تھے۔ تقریب میں خصوصی شرکت صدر پریس کلب شاہد علی نے بھی کی دوسرے حصے میں مہمان خصوصی اصغر علی تبسم تھے جن شعراء نے کلام پیش کیا پروفیسر ریاض مجید، اصغر علی تبسم، حمید شاکر، کوثر علیمی، محمود رضا، شہزاد بیگ، ریاض پروانہ، اشفاق بابر، نرگس صاحبہ، میمونہ سبحانی، قمر عباس قمر اور پروفیسر ناصر علی ناصر تھے۔ اس پروگرام میں پاکستان کے بیسٹ کپل میاں بیوی ناصر اور مسز ناصر نے خصوصی شرکت کی۔ آیئے کالم کے پارٹ ٹو کی طرف آتے ہیں انسانی سمگلنگ کا آج کا



ایشو نہیں جب انسان غاروں کی زندگی سے باہر آیا اور دھاتی دور میں داخل ہوا تو انسان جبر، اُغلام بنانے پر مجبور ہوا فاتح مفتوح کو انسان کو دوسرے ممالک میں غیر قانونی طریقے اور انسانیت سوز طریقے سے غلام بنا کر لے جاتا رہا بیسویں صدی جب سائنس نے ترقی کی تو پاسپورٹ کا نظام عمل میں آیا تو ترقی پذیر ممالک کے لوگ ترقی یافتہ ممالک جا کر بستے رہے جیسے جیسے غریب ممالک میں غربت بڑھی تو یورپ، امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا نے امیگریشن قوانین سخت کر دیئے تو غریب ممالک کے لوگ امیر ہونے کے خواب آنکھوں میں سجاتے ہوئے غیر قانونی طریقے سے باہر جانے لگے جانے والوں کے ذہن پر ایک ہی بھوت سوار ہے اس ملک کی بجائے سمندر میں ڈوب مرنے کو ترجیح ہوتی ہے جس معاشرے میں غربت اور بیروزگاری عروج پر ہو گی جس ملک میں 6 کروڑ خواتین کوئی کام نہ کرتی ہو جس ملک میں 2 کروڑ 60 لاکھ آدمی بے کار ہوں وہاں انسانی سمگلنگ کیوں نہ ہو گی، جس ملک میں مہنگائی اور آبادی میں اضافہ وسائل کا قاتل ہو جس ملک میں سرکاری ادارے لوٹ گھسوٹ کی پالیسی پر گامزن ہو جو ملک میں کرپشن کے سہارے چل رہا ہو جس ملک کا انحصار ہی قرضے کی مرہون منت ہو وہاں انسانی سمگلنگ کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہوتا قصور مرنے والوں کا نہیں ہوتا قصور وار پورا معاشرہ ہوتا ہے دنیا کے غریب ترین ممالک غیر قانونی طریقے سے باہر جاتے ہیں جن میں پاکستان بھی شامل ہے ایمنسٹی انٹرنیشنل رپورٹ کے مطابق افریقہ اور ایشیائی ممالک سے کئی لاکھ تارکین یورپ میں داخل ہوتے ہیں پاکستان میں غیر قانونی طریقے سے جانے والے افراد کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے غیر قانونی طریقے سے دو لاکھ افراد پاکستان چھوڑ رہے ہیں سمگلنگ آج سے نہیں جب سے پاکستان قائم ہوا تب سے جاری ہے۔ اس مافیا کو سرکاری اور سیاسی سپورٹ حاصل ہے انٹیلی جنس ایمنسٹی کے مطابق سمگلر، انسانی سمگلنگ کے علاوہ تیل اور سگریٹ سے ملک کے ریونیو کو اربوں روپے کا نقصان کر رہا ہے اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق تین سالوں میں انسانی سمگلنگ میں بیس فیصد اضافہ ہوا رپورٹ کے مطابق اس مکروہ دھندے کے اعلی سرکاری افسران اور سیاستدان ملوث ہیں حکومت ٹیکنیکل ایجوکیشن پر توجہ دے اور سمگلرز کا جینا مشکل کر دے تو سمگلنگ میں کمی ہو جائے گی اس دھندے میں ملوث عناصر کو سزا ملنی چاہیے ورنہ کشتیاں ڈوبتی رہی گی لوگ مرتے رہے گے۔

ٹرمپ کی اسرائیل کی حمایت اور ردعمل

ڈونلڈ ٹرمپ کی اسرائیل کے بارے میں پالیسی ان کے دور صدارت میں کئی اہم فیصلوں سے نشان زد ہوئی۔ سب سے زیادہ قابل ذکر اقدام یروشلم کو اسرائیل کے دارالحکومت کے طور پر تسلیم کرنا تھا، جس نے کئی دہائیوں کی امریکی پالیسی کو پلٹ دیا۔ اس فیصلے نے بڑے پیمانے پر بین الاقوامی تنقید کو جنم دیا اور امریکی سفارت خانے کو تل ابیب سے یروشلم منتقل کرنے کا باعث بنا۔ ٹرمپ نے گولان کی پہاڑیوں پر اسرائیل کے الحاق کو بھی تسلیم کیا، ایک متنازعہ علاقہ جس پر اسرائیل کے دور صدارت میں کئی اہم فیصلوں سے نشان زد ہوئی۔ سب سے زیادہ قابل ذکر اقدام یروشلم کو اسرائیل کے دارالحکومت کے طور پر تسلیم کرنا تھا، جس نے کئی دہائیوں کی امریکی پالیسی کو پلٹ دیا۔ اس فیصلے نے بڑے پیمانے پر بین الاقوامی تنقید کو جنم دیا اور امریکی سفارت خانے کو تل ابیب سے یروشلم منتقل کرنے کا باعث بنا۔ ٹرمپ نے گولان کی پہاڑیوں پر اسرائیل کے الحاق کو بھی تسلیم کیا، ایک متنازعہ علاقہ جس پر شام کا دعوی ہے۔ اس اقدام کی عالمی برادری کی طرف سے بڑے پیمانے پر مذمت کی گئی۔ ٹرمپ نے امریکا کو ایران جوہری معاہدے سے نکال لیا، جس کی اسرائیل نے بھرپور حمایت کی تھی۔ اس اقدام سے امریکہ، ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ ٹرمپ انتظامیہ نے اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کاری کے لیے ایک غیر یقینی اور غیر مستحکم ماحول پیدا کر سکتے ہیں۔ ایشیا میں، منفی بیانات کے دور رس نتائج ہو سکتے ہیں، خاص طور پر موجودہ کشیدگی والے خطوں میں، جیسے بحیرہ جنوبی چین یا جزیرہ نما کوریا۔ چین، جاپان اور جنوبی کوریا جیسے ممالک اپنی موجودگی میں اضافہ کر کے یا اقتصادی انتقامی کارروائیوں میں ملوث ہو کر منفی بیانات کا جواب دے سکتے ہیں، جو کشیدگی کو بڑھا سکتے ہیں اور علاقائی استحکام کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ عالمی سطح پر، منفی بیانات بین الاقوامی اداروں اور اتحادوں پر اعتماد اور اعتماد کو ختم کر سکتے ہیں، جس سے عالمی مسائل، جیسے موسمیاتی تبدیلی، وبائی امراض اور معاشی عدم مساوات کو حل کرنا زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔ سفارتی زبان اور لہجے کی کمی بھی عدم اعتماد کا ماحول پیدا کر سکتی ہے، جس سے تنازعات کو پرامن طریقے سے حل کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ مجموعی طور پر، عالمی سیاست پر منفی بیانات کا اثر نمایاں ہو سکتا ہے، اور یہ ضروری ہے کہ رہنماؤں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے الفاظ کا انتخاب احتیاط سے کریں تاکہ موجودہ تناؤ کو مزید بڑھانے اور نئے چیلنجز پیدا کرنے سے بچ سکیں۔ عالمی سیاست پر منفی بیانات کا اثر نمایاں ہو سکتا ہے، خاص طور پر جب وہ بااثر رہنماؤں کی طرف سے آتے ہیں۔ یورپ، برطانیہ اور ایشیا کے تناظر میں اس طرح کے بیانات موجودہ تناؤ کو بڑھا سکتے ہیں اور نئے چیلنجز پیدا کر سکتے ہیں۔ یورپ میں، منفی بیانات موجودہ قوم پرست اور پاپولسٹ جذبات کو ہوا دے سکتے ہیں، جو ممکنہ طور پر یورپی یونین کے اندر مزید تقسیم اور تقسیم کا باعث بن سکتے ہیں۔ خاص طور پر برطانیہ کو EU کے ساتھ اپنے بعد کے تعلقات میں اضافی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، کیونکہ منفی بیانات تجارت اور سفارت کاری کے لیے ایک غیر یقینی اور غیر مستحکم ماحول پیدا کر سکتے ہیں۔ ایشیا میں، منفی بیانات کے دور رس نتائج ہو سکتے ہیں، خاص طور پر موجودہ کشیدگی والے خطوں میں، جیسے بحیرہ جنوبی چین یا جزیرہ نما کوریا۔ چین، جاپان اور جنوبی کوریا جیسے ممالک اپنی موجودگی میں اضافہ کر کے یا اقتصادی انتقامی کارروائیوں میں ملوث ہو کر منفی بیانات کا جواب دے سکتے ہیں، جو کشیدگی کو بڑھا سکتے ہیں اور علاقائی استحکام کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ عالمی سطح پر، منفی بیانات بین الاقوامی اداروں اور اتحادوں پر اعتماد اور اعتماد کو ختم کر سکتے ہیں، جس سے عالمی مسائل، جیسے موسمیاتی تبدیلی، وبائی امراض اور معاشی عدم مساوات کو حل کرنا زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔ سفارتی زبان اور لہجے کی کمی بھی عدم اعتماد کا ماحول پیدا کر سکتی ہے، جس سے تنازعات کو منصوبے میں بعض علاقوں میں نئی اسرائیلی بستیوں کو چار سال کے لیے منجمد کرنے کی تجویز پیش کی گئی تھی، لیکن اسرائیل کو مغربی کنارے کے بڑے حصوں کو ضم کرنے کی بھی اجازت دی تھی ان اقدامات کو اسرائیل کے حوالے سے امریکی پالیسی میں ایک اہم تبدیلی کے طور پر دیکھا گیا، بہت سے ناقدین کا کہنا ہے کہ ان سے دو ریاستی حل کے امکانات کو نقصان پہنچا اور خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ عالمی سیاست پر منفی بیانات کا اثر نمایاں ہو سکتا ہے، خاص طور پر جب وہ بااثر رہنماؤں کی طرف سے آتے ہیں۔ یورپ، برطانیہ اور ایشیا کے تناظر میں اس طرح کے بیانات موجودہ تناؤ کو بڑھا سکتے ہیں اور نئے چیلنجز پیدا کر سکتے ہیں۔ یورپ میں، منفی بیانات موجودہ قوم پرست اور پاپولسٹ جذبات کو ہوا دے سکتے ہیں، جو ممکنہ طور پر یورپی یونین کے اندر مزید تقسیم اور تقسیم کا باعث بن سکتے ہیں۔ خاص طور پر برطانیہ کو EU کے ساتھ اپنے بعد کے تعلقات میں اضافی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، کیونکہ منفی بیانات تجارت اور سفارت کاری کے لیے ایک غیر یقینی اور غیر مستحکم ماحول پیدا کر سکتے ہیں۔ ایشیا میں، منفی بیانات کے دور رس نتائج ہو سکتے ہیں، خاص طور پر موجودہ کشیدگی والے خطوں میں، جیسے بحیرہ جنوبی چین یا جزیرہ نما کوریا۔ چین، جاپان اور جنوبی کوریا جیسے ممالک اپنی موجودگی میں اضافہ کر کے یا اقتصادی انتقامی کارروائیوں میں ملوث ہو کر منفی بیانات کا جواب دے سکتے ہیں، جو کشیدگی کو بڑھا سکتے ہیں اور علاقائی استحکام کو نقصان



چیمپئنز ٹرافی کے موقع پر ملکی اسٹیڈیمز میں پاکستان کرکٹ کی بھرپور تشہیر کردی گئی

کراچی کی وال پر کراچی کے کھلاڑیوں کے پورٹریٹ اور اہم لمحات کی تصاویر ہیں



لاہور (میاں شہروز سے) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے موقع پر پاکستان کرکٹ کی بھرپور تشہیر کردی گئی۔ نیشنل اسٹیڈیم کے پریس کانفرنس ایریا میں فوٹو وال سجادی گئی، فوٹو وال پر کراچی کے کرکٹرز اور اسٹیڈیم سے جڑے اہم واقعات کی تصاویر نمایاں ہیں۔ سابق کپتان سرفراز کو نیشنل اسٹیڈیم کی وال پر نمایاں اہمیت حاصل ہے جبکہ پی سی بی نے تمام چاروں وینیوز پر اس طرح کی والز بنائی ہیں۔ کراچی کی وال پر کراچی کے کھلاڑیوں کے پورٹریٹ اور اہم لمحات کی تصاویر ہیں۔ خاتون کرکٹر کرن بلوچ اور ویمن ٹیم کی ایشین گیمز میں فتح بھی نمایاں کی گئی ہے۔ نسیم الغنی کی 1962 میں لارڈز کے میدان پر سنچری، 1958، 59 میں خالد عباداللہ کی ڈبیو پر پاکستان کی جانب سے پہلی سنچری اور نیشنل اسٹیڈیم میں یونس خان کی ٹرپل سنچری بھی وال کی زینت بنی جبکہ 2004 میں خالد لطیف کی قیادت میں انڈر 19 ورلڈ کپ کی کامیابی کی تصاویر بھی وال کا حصہ ہے۔ سرفراز احمد کی قیادت میں چیمپئنز ٹرافی 2017، انڈر 19 ورلڈکپ 2006 بھی وال کی زینت بنی ہیں، کامران اکمل اور عبدالرزاق کا بھارت کے خلاف ونگ پارٹنرشپ کو بھی اجاگر کیا گیا۔ اس کے علاوہ محمد رضوان اور بابر اعظم کی تصاویر بھی وال پر لگا دی گئیں۔ بینگلور میں بھارت کے خلاف پاکستان کی یادگار کامیابی بھی وال کا حصہ ہے۔ محمد سمیع کا بھارت کے خلاف شاندار اسپیل، راشد لطیف کی تصاویر، ٹیسٹ کپتان شان مسعود، سلیم ملک، اقبال قاسم اور معین خان بھی وال کی زینت ہیں جبکہ سابق کپتان انضمام الحق کی بنگلادیش کے خلاف سنچری بھی وال کا حصہ بنی۔ جاوید میانداد، وقار یونس، وسیم اکرم اور عمران خان، محمد برادران، شعیب محمد، توصیف احمد اور آصف اقبال کو خصوصی جگہ دی گئی ہے۔ کراچی کے علاوہ لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں بھی فوٹو وال بنائی گئی ہے اور وال کا مقصد ان کھلاڑیوں، ان کی خدمات اور ان لمحات کو ہمیشہ یاد رکھنا ہے۔



کراچی میں پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان میچ کے دوران شائقین نے بینر اٹھا رکھا ہے) اے ایف پی(



ایڈیٹر کا نوٹ: متبادل فصل (اٹلی کے جوناتھن میلان اور ٹیم لڈل ٹریک 7 ویں یو اے ای ٹور کے دوران اسٹیج فاتح کے طور پر فنش لائن پر جشن منا رہے ہیں

امندا انسیموا نے قطر اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا

خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں لٹویا کی حریف کھلاڑی اوسٹاپنکو کو شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا

دوحہ (این این آئی) امریکا کی ٹینس کھلاڑی امندا انسیموا اپنی عمدہ کارکردگی کی بدولت قطر اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔ یہ 23 سالہ امریکی ٹینس کھلاڑی کا قطر میں کیریئر کا سب سے بڑا اعزاز ہے۔ امریکا کی 23 سالہ ٹینس سٹار امندا انسیموا نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں لٹویا کی حریف کھلاڑی اوسٹاپنکو کو شکست دے کر ویمنز سنگلز کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ قطر کے دارالحکومت دوحہ کے خلیفہ انٹرنیشنل ٹینس اینڈ سکواش کمپلیکس قطر ٹینس ٹورنامنٹ کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے میں جاری ہیں جس میں شائقین ٹینس کو عمدہ مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ ڈبلیو ٹی اے ایونٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں امریکی 23 سالہ امندا انسیموا نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لٹویا کی حریف کھلاڑی اوسٹاپنکو کو سٹریٹ سیٹس میں 6-4 اور 6-3 سے ہرا کر ٹورنامنٹ جیت لیا۔ اس فتح کے ساتھ ہی ایونٹ کی فاتح کھلاڑی کے ڈبلیو ٹی اے ٹائٹلز کی تعداد تین ہوگئی ہے۔ لٹویا کی اوسٹاپنکو نے ایونٹ کے پہلی فائنل میچ میں ایونٹ کی دفاعی چیمپئن پولینڈ کی سیکنڈ سیڈ ڈ آیگا سویٹیک کو شکست دے کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا تھا۔

واپڈا اور ایشال ایسوسی ایٹس کا میچ ڈرا ہوگیا پریذیڈنٹ ٹرافی، او جی ڈی سی ایل نے کے آر ایل اور غنی گلاس نے ایس این جی پی ایل کو شکست دیدی

راولپنڈی (ایڈ این این) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کرکٹ ٹورنامنٹ کے ساتویں راؤنڈ میں او جی ڈی سی ایل نے کے آر ایل اور غنی گلاس نے دفاعی چیمپئن ایس این جی پی ایل کو شکست دے دی۔ واپڈا اور ایشال ایسوسی ایٹس کا میچ ڈرا ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلے گئے چار روزہ میچ میں او جی ڈی سی ایل نے کے آر ایل کے خلاف دلچسپ مقابلے کے بعد 29 رنز سے فتح سمیٹی۔ کے آر ایل کی ٹیم 230 رنز کا ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی اور پوری ٹیم 200 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عمران رفیق 56 رنز کے ساتھ ٹاپ سکورر رہے۔ مشتاق کلہوڑو نے عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کیا اور 6 وکٹیں حاصل کیں۔ اسٹیٹ بینک اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں غنی گلاس نے ایس این جی پی ایل کو 5 وکٹوں سے ہرا دیا۔ میچ کے چوتھے اور آخری روز ایس این جی پی ایل کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 340 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ حسیب اللہ خان نے شاندار 94 رنز بنائے۔ دیگر بیٹرز میں سیف اللہ بنگش 62 اور یاسر شاہ 40 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ میر حمزہ نے 4 اور رمیز جونیئر نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ پہلی اننگز میں 165 رنز کی برتری کی بدولت غنی گلاس کو 176 رنز کا ہدف ملا جو اس نے 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔

اسپنرز کی فوج کیوں منتخب کی، ایشون کا سلیکشن کمیٹی سے سوال: اسکواڈ میں 5 اسپنرز کی وجہ سے یشسوی جیسوال کو ہمیں اسکواڈ سے باہر کرنا پڑا' گفتگو

نئی دہلی (ایڈ این این) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق اسپنر روی چندران ایشون نے چیمپئنز ٹرافی میں اسپنرز کی فوج منتخب کرنے پر حیرانگی کا انکشاف کردیا۔ اپنے یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے سابق اسپنر روی چندران ایشون نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ میں 5 اسپنرز کی سلیکشن سمجھ سے باہر ہے، ان کی وجہ اہم بیٹر یشسوی جیسوال کو ہمیں اسکواڈ سے باہر کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم اپنے میچز دبئی میں کھیلے گی اور اسکواڈ میں کلدیپ یادیو، اکشر پٹیل، ورون چکرورتی، روبندر اجدیجا اور واشنگٹن سندر کو شامل کیا گیا، اتنے زیادہ اسپنرز کیا موثر ثابت ہوں گے یا ہمیں بیٹنگ سے میچ جیتنے کی کوشش کرنی چاہیے تھی؟۔ ایشون نے کہا کہ 2 لیفٹ آرم اسپنرز بہتر ین آل راؤنڈر ہیں، اس لیے اکشر پٹیل اور جڈیجا تو کھیلیں گے، اسی طرح پیس اٹیک میں ہارڈک پانڈیا بھی الیون کا حصہ ہوں گے، اس صورت میں اگر آپ نے ورون چکرورتی کو بھی کھلایا تو پھر الیون سے ایک پیسر ڈراپ کرنا ہوگا، ورنہ ہارڈک کی جگہ کون آئے گا؟۔ اسپنرز کی فوج کیوں منتخب کی، ایشون کا سلیکشن کمیٹی سے سوال: اسکواڈ میں 5 اسپنرز کی وجہ سے یشسوی جیسوال کو ہمیں اسکواڈ سے باہر کرنا پڑا' گفتگو

ایشین یوتھ چیمپئن شپ میں میڈل جیتنے والے جوجٹسو کھلاڑیوں کا وطن واپسی پر خیر مقدم

ایشین روڈ سائیکلنگ چیمپئن شپ: پاکستان سائیکلسٹس کی شاندار کارکردگی، 6 میڈلز جیت لیے

پاکستان سائیکلسٹس کی دو گولڈ، دو سلور اور دو برانز میڈلز جیت ایشین روڈ سائیکلنگ چیمپئن شپ میں چھٹی پوزیشن

کراچی (این این آئی) پاکستان سائیکلسٹس نمایاں رہی جس نے انفرادی ٹائم ٹرائل (آئی ٹی ٹی) میں گولڈ اور روڈ ریس (آئی آر آر) میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ رابعہ غریب نے روڈ ریس میں سونے اور انفرادی ٹائم ٹرائلز میں چاندی کا میڈلز جیتا اور زینب رضوان نے انفرادی ٹائم ٹرائلز اور روڈ ریس کیٹیگریز میں کانسی کے دو تمغے حاصل کیے۔ پاکستان سائیکلسٹس کی دو گولڈ، دو سلور اور دو برانز میڈلز جیت ایشین روڈ سائیکلنگ چیمپئن شپ میں چھٹی پوزیشن: جس نے انفرادی ٹائم ٹرائل (آئی ٹی ٹی) میں گولڈ اور روڈ ریس (آئی آر آر) میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ تھائی لینڈ میں ہونے والی چیمپئن شپ میں پاکستان کے علی الیاس جاوید کی کارکردگی سب سے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا چھ میڈلز جیت کر چھٹی پوزیشن حاصل کی، جو کہ ایشین سائیکلنگ ایونٹ میں پاکستان کی اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔ پاکستان سائیکلسٹس نے دو گولڈ، دو سلور اور دو برانز میڈلز جیت ایشین روڈ سائیکلنگ چیمپئن شپ میں چھٹی پوزیشن لی جو کہ ایشین سائیکلنگ ایونٹ میں پاکستان کی اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔ تھائی لینڈ میں ہونے والی چیمپئن شپ میں پاکستان کے علی الیاس جاوید کی کارکردگی سب سے

ایس جے جے اے کے عہدیداران، مداحوں اور خیر خواہوں نے ان کا بھرپور استقبال کیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کے اسپورٹس شائقین نے ایشین یوتھ چیمپئن شپ میں میڈل جیتنے والے جوجٹسو کھلاڑیوں کا کراچی ائیرپورٹ پر گرم جوشی سے استقبال کیا۔ یہ چیمپئنز تھائی ائیرویز کے ذریعے کراچی پہنچے، جہاں ایس جے جے اے کے عہدیداران، مداحوں اور خیر خواہوں نے ان کا بھرپور استقبال کیا۔ شائقین نے کھلاڑیوں کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں پاکستان کا نام عالمی سطح پر روشن کرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔ پی جے جے ایف کے ایک عہدیدار نے نوجوان کھلاڑیوں زنیرا ذوالفقار، علشبا علی، آمنہ عرفان، محمد معاذ اور عبدالرحمان کی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے انہیں قومی ہیرو قرار دیا اور فیڈریشن کے عزم کو دہرایا کہ بہترین کھلاڑیوں کی تیاری جاری رکھی جائیگی۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ ایشین یوتھ گیمز 2025 (بحرین، اکتوبر) سمیت آنے والے تمام مقابلوں کے لیے کھلاڑیوں اور آفیشلز کو مکمل تعاون فراہم کیا جائیگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم اپنے کھلاڑیوں کی ہر ممکن مدد کریں گے تاکہ وہ مزید کامیابیاں حاصل کرکے پاکستان کا نام روشن کریں۔ ایس جے جے اے کے عہدیداران، مداحوں اور خیر خواہوں نے ان کا بھرپور استقبال کیا ہم اپنے کھلاڑیوں کی ہر ممکن مدد کریں گے تاکہ وہ مزید کامیابیاں حاصل کرکے پاکستان کا نام روشن کریں۔



پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان کراچی میں کھیلے گئے ون ڈے میچ میں پاکستانی کھلاڑی وکٹ لینے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے) اے ایف پی(



روہت شرما نو فروری، 2025 کو کٹک میں انگلینڈ کے خلاف دوسرے ون ڈے میچ میں تیز بولر ہرشت رانا سے بات کر رہے ہیں) اے ایف پی(



یوکرین جنگ خاتمے کیلئے سعودی عرب میں ٹرمپ، پیوٹن ملاقات ایک اہم پیش رفت

وہ روس اور یوکرین کے درمیان امن کے کئے ثالثی کی کوششیں جاری رکھے گا۔ یوکرین کے بحران شروع ہونے کے بعد سعودی عرب نے مسلے کے حل کے لئے سفارتی کردار کیا ہے



کو برلن، جرمنی میں ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے بات کر رہے ہیں

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روسی صدر ویلا دیمیر پیوٹن کی حالیہ ٹیلیفونک رابطے کا خیر مقدم کیا ہے جس میں سعودی عرب میں دونوں رہنماؤں کی ممکنہ ملاقات پر بھی گفتگو ہوئی تھی۔ سعودی عرب نے امریکا اور روس کے سربراہان کے مجوزہ ملاقات کی میزبانی کرنے پر آمادگی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ وہ روس اور یوکرین کے درمیان امن کے کئے ثالثی کی کوششیں جاری رکھے گا۔ یوکرین کے بحران شروع ہونے کے بعد سعودی عرب نے مسلے کے حل کے لئے سفارتی کردار کیا ہے۔ اس سلسلے میں ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود نے مسلے کی سیاسی حل کے لئے مارچ 2022 میں روسی صدر پیوٹن اور یوکرین کے صدر ولودیمیر زلنسکی سے رابطے کئے تھے۔ گزشتہ تین سالوں میں سعودی عرب نے ثالثی کا کردار ادا کرتے ہوئے سفارتی کوششوں کی تناظر میں کئی ملاقاتوں کی میزبانی کی ہے جس کا مقصد ڈائیلاگ کو فروغ دینا اور کشیدگی کم کرنا ہے۔ اپنی کوششوں کے علاوہ سعودی عرب نے روس یوکرین تنازعہ حل کرنے لے کئے بین الاقوامی کوششوں کی حمایت بھی کی ہے تاکہ خطے اور دنیا میں امن او استحکام ہو۔ فروری 12 کو صدر ٹرمپ نے اس امید کا اظہار کیا کہ ان کی صدر پیوٹن کے ساتھ سعودی عرب میں ملاقات ممکن ہے۔ یہ صدر ٹرمپ کے دوبارہ منتخب ہونے کے بعد پہلی ملاقات ہوگی۔ امریکی صدر نے اس بیان سے پہلے صدر پیوٹن کے ساتھ تقریبا 90 منٹ تک ٹیلیفونک گفتگو کی جس میں یوکرین میں جنگ کے خاتمے پر بات ہوئی تھی۔ صدر ولودیمیر زلنسکی نے فروری 14 کو جرمنی کے میونخ سیکورٹی کانفرنس کے موقع پر سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور ترکیہ کا دورہ کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔ یوکرین کے صدر کا سعودی عرب کا دورہ کرنے کا اعلان اس لئے اہم ہے کہ وہ شائد صدر ٹرمپ اور صدر پیوٹین کی ملاقات میں شامل نہ ہو۔ اس دورے میں وہ امریکی اور روسی صدر کے ممکنہ ملاقات سے متعلق اپنی رائے سعودی رہنماؤں کے ساتھ شریک کرسکتے ہیں۔ سعودی عرب اس سے پہلے اگست 2023 میں امن فارمولے پر بین الاقوامی کانفرنس کی میزبانی کرچکا ہے۔



وزیراعظم محمد شہباز شریف سے 17 فروری 2025 کو ورلڈ بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی) ایوان وزیراعظم(

میونخ: چین کا یورپ سے تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا عزم

چین جرمنی کو کثیر قطبی ڈھانچے میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے دیکھنا چاہتا ہے، وزیر خارجہ

میونخ (این این آئی) چین نے یورپ کے ساتھ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا عزم کیا ہے۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق میونخ میں جرمن چانسلر اولاف شولز سے ملاقات کے دوران چینی وزیر خارجہ نے کہا کہ سٹریٹجک پارٹنرز کے طور پر چین اور جرمنی نیز چین اور یورپ کو یکجہتی، ہم آہنگی اور تعاون کو مزید مضبوط بنانا چاہیے، آزاد تجارت پر قائم رہنا چاہیے، کثیر الجہتی پر عمل کرنا چاہئے اور اقوام متحدہ کے اختیار کا تحفظ کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ چین جرمنی کو کثیر قطبی ڈھانچے میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے دیکھنا چاہتا ہے اور جرمنی کے ساتھ ہمہ جہت تعاون کو گہرا کرنے کا خواہاں ہے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ تعلقات کو مثبت سمت میں آگے بڑھایا جاسکے، عالمی امن اور استحکام کو برقرار رکھا جاسکے۔ وانگ ای نے کہا کہ چین جرمنی کے یورپی یونین میں چینی الیکٹرک گاڑیوں پر محصولات کے معاملے پر معقول اور عملی رویہ اپنانے کی تعریف کرتا ہے، امید ہے کہ جرمنی چین اور یورپ کے درمیان تجارتی تنازعات کو جلد از جلد حل کرنے کے لئے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔

مصر میں مسجد سے بچے کی کھوپڑی برآمد، لوگ خوفزدہ: لاش کی عمر کا تعین کرنے کے لیے کھوپڑی کو فرانزک کے لیے بھیج دیا گیا، حکام

قاہرہ (ایڈ این این) مصر میں ایک چونکا دینے والے اور غیر معمولی واقعے نے شہریوں کو خوفزدہ کردیا۔ مصر کی ایک مسجد سے ایک کھوپڑی ملی جس نے بڑا ہیجان برپا کردیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مصر کے مشرقی علاقے سویز گورنری میں اربعین محلے کے لوگ مسجد الاسرا میں ایک بچے کی کھوپڑی دیکھ کر حیران رہ گئے۔ لوگوں نے فوری طور پر سکیورٹی فورسز سے رابطہ کیا۔ فورسز کے اہلکاروں نے جائے وقوع پر پہنچ کر تحقیقات شروع کردیں۔ امام مسجد نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ جب نماز کے لیے مسجد کھولی گئی تو مسجد کے ایک کونے میں کھوپڑی دیکھ کر نمازیوں اور ان کے ساتھ موجود دیگر افراد نے سوچا کہ یہ ہڈیاں یا بوسیدہ کنکال نہیں بلکہ پلاسٹک کا ایک ٹکڑا ہے اور کوئی ان کو اس احمقانہ مذاق کے ذریعے دھوکہ دینا چاہتا ہے۔ لیکن جب یہ معلوم ہوا کہ یہ حقیقی انسانی کھوپڑی ہے تو لوگ پولیس کو اطلاع دینے پہنچ گئے۔ پبلک پراسیکیوشن نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہے۔ لاش کی عمر کا تعین کرنے کے لیے کھوپڑی کو فرانزک کے لیے بھیجا گیا ہے۔ مصر میں مسجد سے بچے کی کھوپڑی برآمد، لوگ خوفزدہ: لاش کی عمر کا تعین کرنے کے لیے کھوپڑی کو فرانزک کے لیے بھیج دیا گیا، حکام

کینیڈا میں سونے کی سب سے بڑی ڈکیتی میں مطلوب شخص کا بھارت میں سراغ مل گیا

اوٹاوا (ایڈ این این) کینیڈا میں سونے کی سب سے بڑی ڈکیتی میں مطلوب شخص کا بھارت میں سراغ مل گیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق کینیڈا میں 2 کروڑ ڈالر مالیت سے زیادہ کے سونے کی سب سے بڑی ڈکیتی میں اپنے مبینہ کردار کے لیے مطلوب ایئر کینیڈا کے سابق مینیجر 32 سالہ سمرن پریت پنیسر چندی گڑھ کے مضافات میں اپنی اہلیہ پریتی پنیسر اور خاندان کے ساتھ خاموشی سے رہائش پذیر ہیں۔ پریتی جو سابق مس انڈیا یو گنڈا، ایک گلوکارہ اور ایک اداکارہ ہیں، ان کا اس ڈکیتی میں کوئی کردار نہیں ہے۔ 17 اپریل 2023 کو ایک پرواز سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورخ سے پیئرسن انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اتری، جس میں خالص سونے کی 6600 اینٹیں تھیں، جن کا وزن 400 کلوگرام تھا، اور 25 لاکھ کینیڈین ڈالر مالیت کی غیر ملکی کرنسی بھی تھی۔ لینڈنگ کے کچھ دیر بعد کارگو کو ہوائی جہاز سے اتار دیا گیا اور ہوائی اڈے کی ملکیت کسی اور مقام پر پہنچا دیا گیا۔ ایک دن بعد 18 اپریل کو صبح کے اوقات میں کارگو کے لاپتہ ہونے کی اطلاع ملی۔ تقریبا ایک سال کی تفتیش کے بعد پولیس دو انڈین نژاد کینیڈین شہریوں کی تلاش میں تھی جو اس گودام میں کام کرتے تھے جہاں سے مبینہ طور پر سونا چوری کیا گیا تھا۔

ٹرمپ کے اقدامات معطل کرنے والے ججز کیخلاف مواخذے کی کارروائی کا امکان

کچھ ریپبلکن اراکین اس اقدام کی حمایت کررہے، جس سے عدلیہ اور ایگزیکٹو کے درمیان تناؤ مزید بڑھنے کا امکان ہے، رپورٹ

واشنگٹن (ایڈ این این) امریکی کانگریس میں ایک نیا بل پیش کیا جارہا ہے، جس کے تحت ان وفاقی ججز کے خلاف مواخذے کی کارروائی کا آغاز کیا جاسکتا ہے جنہوں نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بعض اقدامات کو معطل کیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کچھ ریپبلکن اراکین اس اقدام کی حمایت کر رہے ہیں، جس سے عدلیہ اور ایگزیکٹو کے درمیان تناؤ مزید بڑھنے کا امکان ہے۔ وائٹ ہاس اور ٹرمپ کے حامی اسے حکومتی اختیارات کی بحالی کے طور پر دیکھ رہے ہیں جبکہ ناقدین اسے عدلیہ کی آزادی پر حملہ قرار دے رہے ہیں۔ ریپبلکن پارٹی کے رہنما اینڈریو کلائیڈ نے اعلان کیا کہ وہ امریکی ضلعی عدالت کے چیف جج جان جے میک کونل جونیئر کے خلاف مواخذے کی قرارداد پیش کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ اسی طرح ایریزونا سے ریپبلکن رکن کانگریس ایلی کرین نے بھی وفاقی جج پال اینگل مائر کے خلاف مواخذے کی تحریک لانے کا عندیہ دیا ہے۔ کچھ ریپبلکن اراکین اس اقدام کی حمایت کر رہے ہیں جس سے عدلیہ اور ایگزیکٹو کے درمیان تناؤ مزید بڑھنے کا امکان ہے، رپورٹ

شمالی شام میں بے گھر مالکان کی واپسی، گھر چھتوں سے محروم

غربت زدہ شہر میں گھروں کی صرف دیواریں ہی باقی ہیں، عرب ٹی وی

دمشق (این این آئی) ایک عشرے کی جنگ اور نقل مکانی کے بعد کئی شامی اپنے گھروں کو لوٹ رہے ہیں۔ لیکن واپس آنے پر پتا چلتا ہے کہ گھر غارت شدہ اور چھت سے محروم ہو چکے ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق سابق صدر بشار الاسد کی معزولی کے بعد شمالی شام کے معر النعمان اور کفر نبل جیسے قصبات میں برسوں پہلے فرار ہونے والے باشندے واپس آ گئے ہیں لیکن اب انہیں وسیع پیمانے پر لوٹ مار اور تباہی کی تلخ حقیقت کا سامنا ہے۔ حلب اور دمشق کے شہروں کے درمیان فوجی اہمیت کے حامل راستے پر واقع معر النعمان شام کی خانہ جنگی میں ایک اہم مقام بن گیا تھا۔ اسد کی افواج نے 2020 میں باغیوں کے قبضے سے علاقہ واپس لے لیا تھا۔ انسانی حقوق کے گروپوں نے بتایا کہ اس کے بعد اسد سے وابستہ گروہوں نے گھر لوٹے اور ان میں سے بعض کو قیمتی سامان اور فرنیچر نکالنے کے لیے مسمار کر دیا گیا۔ سٹیل اور تاریں چھتوں سے نکال کر فروخت کر دی گئیں۔ اس علاقے کی ایک فضائی ویڈیو میں گھروں کی قطاریں نظر آ رہی ہیں جو بدستور ایستادہ ہیں لیکن ان کی چھتیں غائب ہیں۔ ایک رہائشی عمار زعتور نے بتایا کہ وہ 2025 میں واپس آئے اور گھر کو تباہ شدہ حالت میں پایا۔ وہ 2019 میں وہاں سے نکلے تھے۔ انہوں نے کہا، اپنے بچوں کو رکھنے کے لیے ہمارے پاس کوئی جگہ نہیں تھی۔ یہ تباہی صرف بمباری سے نہیں ہوئی۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انڈین وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس کی جارہی ہے) جم واٹسن/اے ایف پی(

آسٹریلیا کی فضائیہ کا ایک ایف 35 لڑاکا طیارہ انڈونیشیا کے ریزورٹ جزیرے بالی پر انٹرنیشنل ایئر شو کے دوران اڑان بھرنے کی تیاری کر رہا ہے) اے ایف پی(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

حضور محدث کبیر پاکستان علامہ غلام رسول قادری رضوی کے سالانہ عرس کی تقریبات

تقریب کے آخر ملکی ترقی سلامتی ، استحکام اور ملکی معاشی مشکلات کے جلد حل کیلئے خصوصی دعا کی گئی



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) حضور محدث کبیر پاکستان علامہ غلام رسول قادری رضوی کے سالانہ عرس کے موقع پر سجادہ نشین قوسین حق رضوی ،علامہ عبدالعلی غزالی، قاری محمد شریف ،عالیان حق ،دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا حضور محدث کبیر پاکستان کی تعلیمات خیر خواہی پر مبنی تھیں اصلاح معاشرہ کے لیے آپ کے افکار و نظریات سب کے لیے مشعل راہ ہیں انہوں نے ساری زندگی امن، پیار و محبت اور اتحاد امت کا درس دیا انسانیت کو محبت اور اخوت کا پیغام دیا اولیا کاملین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر اللہ تعالی کی قربت حاصل کی جاسکتی ہے انھوں نے مزید کہا آپ رحمتہ اللہ علیہ کی تعلیمات زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی کرتی ہیں اصلاح معاشرہ کے لیے تعلیمات اولیا کی پیروی اشد ضروری ہے کسل نو کو اولیا کاملین کی دینی ملی اور قومی خدمات سے روشناس کروانا ہوگا ہمیں اولیا کرام کے طرز عمل پر بلاتفریق خدمت انسانیت کو یقینی بنانا ہوگا آپ رحمتہ اللہ علیہ کی تعلیمات پر عمل کر کے معاشرے میں نفرتوں خاتمہ کیا جاسکتا ہے حضور محدث کبیر پاکستان نے ہمیشہ خدمت اسلام اور خدمت انسانیت کو اپنا شیوہ بنائے رکھا بزرگان دین نے نبی اقدس کی فرمودات کو اپنا کر لوگوں کو اسلام سے وابستہ کیا جس کیلئے ہم سب کو فرد فرد ادا اپنا انتہائی اہم و مثبت کردار ادا کرنا ہوگا تقریب کے آخر ملکی ترقی سلامتی ، استحکام اور ملکی معاشی مشکلات کے جلد حل کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

محمد اکمل چیمہ کی ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ آمد

سابقہ ناظم نے صدر، سنیئر نائب صدر و نائب صدر کو مبارکباد پیش کی



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) سابق ضلع ناظم سیالکوٹ و معروف بزنس ٹائیکون محمد اکمل چیمہ کی سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آمد ۔اس موقع پر انہوں نے نومنتخب صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ اکرام الحق ،سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وسیم شہباز لودھی اور نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عمر خالد کو پھول وتحائف پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پریذیڈنٹ چیمبر میں خصوصی نشست کے دوران معروف صنعتکاروں کے مابین سیالکوٹ کے صنعتی شعبہ کی ترقی اور بزنس پروموشنز اور ایکسپورٹس کی بہتری کیلئے عملی اقدامات مزید بہتر کرنے پر غور و خوض کیا گیا۔ صدر سیالکوٹ چیمبر اکرام الحق کا کہنا تھا کہ لیدر فیلڈ پرائیویٹ لمیٹڈ کی روح رواں محمد اکمل چیمہ ایک بہترین ایڈمنسٹریٹر و کامیاب بزنس مین ہیں بزنس کمیونٹی کے لئے انکی خدمات لازوال ہیں۔

52ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے پروبیشنری افسران کے وفد نے ریجنل پولیس آفس گوجرانوالہ کا دورہ کیا

آر پی او کے بحاف پرسی پی او گوجرانوالہ نے شرکا وفد کو گوجرانوالہ ریجن، گجرات، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین، حافظ آباد اور نارووال کی ورکنگ بارے تفصیل سے بریف کیا، جس میں شرکا نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہیں بتایا گیا کہ پولیس امن وامان قائم رکھنے اور کرائم کی صورتحال کنٹرول کرنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کر رہی ہے۔ سروس ڈیلوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے گوجرانوالہ ریجن پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ کرائم کو کنٹرول کرنے کے لیے مربوط سسٹم بنایا گیا ہے، جس کے خاطر خواہ نتائج بھی سامنے آرہے ہیں۔ جس کی وجہ سے چوری، ڈکیتی راہزنی میں ملوث درجنوں گینگز بھی گرفتار کیے گئے ہیں سی پی او نے وفد میں شامل افسران کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے بتایا کہ سمارٹ اینڈ کمیونٹی پولیسنگ کے مطابق پنجاب پولیس عوام کی جان ومال کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی کیلئے شب و روز مصروف عمل ہے۔ مزید برآں سی پی او رانا ایاز سلیم نے وفد کے شرکا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ افغانستان ٹیکنالوجی کے استعمال سے شروع کئے گئے پراجیکٹس سے جہاں پولیس کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے وہیں گوجرانوالہ کی پولیس فورسز نے بھی پنجاب پولیس سے ان جدید سافٹ ویئر زکو اپنے سسٹم کا حصہ بنایا ہے۔ آخر میں سی پی او رانا ایاز سلیم نے شرکا وفد کو گوجرانوالہ ریجن پولیس اور گوجرانوالہ پولیس کی جانب سے یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) 52ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے پروبیشنری افسران کے وفد نے ریجنل پولیس آفس گوجرانوالہ کا دورہ کیا، دفتر پہنچنے پر سی پی او رانا ایاز سلیم اور سی ٹی او عائشہ بٹ نے استقبال کیا، بعد ازاں آر پی او کے بحاف پرسی پی او گوجرانوالہ نے شرکا وفد کو گوجرانوالہ ریجن، گجرات، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین، حافظ آباد اور نارووال کی ورکنگ بارے تفصیل سے بریف کیا، جس میں شرکا نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہیں بتایا گیا کہ پولیس امن وامان قائم رکھنے اور کرائم کی صورتحال کنٹرول کرنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کر رہی ہے۔ سروس ڈیلوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے گوجرانوالہ ریجن پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ کرائم کو کنٹرول کرنے کے لیے مربوط سسٹم بنایا گیا ہے، جس کے خاطر خواہ نتائج بھی سامنے آرہے ہیں۔ جس کی وجہ سے چوری، ڈکیتی راہزنی میں ملوث درجنوں گینگز بھی گرفتار کیے گئے ہیں سی پی او نے وفد میں شامل افسران کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے بتایا کہ سمارٹ اینڈ کمیونٹی پولیسنگ کے مطابق پنجاب پولیس عوام کی جان ومال کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی کیلئے شب و روز مصروف عمل ہے۔ مزید برآں سی پی او رانا ایاز سلیم نے وفد کے شرکا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ افغانستان ٹیکنالوجی کے استعمال سے شروع کئے گئے پراجیکٹس سے جہاں پولیس کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے وہیں گوجرانوالہ کی پولیس فورسز نے بھی پنجاب پولیس سے ان جدید سافٹ ویئر زکو اپنے سسٹم کا حصہ بنایا ہے۔ آخر میں سی پی او رانا ایاز سلیم نے شرکا وفد کو گوجرانوالہ ریجن پولیس اور گوجرانوالہ پولیس کی جانب سے یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔

ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے ڈی سی آفس میں انفورسمنٹ انسپکٹرز کو بائیکس حوالے کرنے کی تقریب

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی نے انفورسمنٹ انسپکٹرز میں بائیکس کی چابیاں تقسیم کیں



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے ڈی سی آفس میں انفورسمنٹ انسپکٹرز کو بائیکس حوالے کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی نے انفورسمنٹ انسپکٹرز میں بائیکس کی چابیاں تقسیم کیں۔ اس موقع پر سی او ضلع کونسل عامر اختر بٹ، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے میں تینوں تحصیلوں کے 06 انفورسمنٹ انسپکٹرز کو پٹرولنگ بائیکس دی گئی ہیں، انفورسمنٹ انسپکٹرز تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنانے کے لیے ضلع کے تمام شہروں میں پٹرولنگ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولنگ سکواڈز کا مقصد تجاوزات کا خاتمہ مستقل بنیادوں پر یقینی بنانا ہے۔ ڈی سی نے انفورسمنٹ انسپکٹرز کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی شہر یا قصبہ میں تجاوزات نظر نہ آئے، روزانہ کی بنیاد پر پٹرولنگ کا عمل جاری رکھا جائے، تجاوزات کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں کی جائیں، کسی کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی۔

اشیاء خورد ونوش اور اشیائے ضروریہ کو اچانک پر لگ گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) رمضان المبارک کی آمد آمد شہر سمیت ضلع بھر کے بازاروں دکانوں پر اشیاء خورد ونوش اور اشیائے ضروریہ کو اچانک پر لگ گئے دکانداروں نے آئندہ ہفتے مزید قیمتوں میں اضافہ کے خطرہ کا الارم بھی بجا دیا، روزہ میں سحری اور افطاری کی تمام اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ کر دیا گیا، مارکیٹ میں بیس 360 روپے کلو، کی بجائے 430 روپے کلو فروخت کیا جا رہا ہے، سفید چنے 335 روپے کی بجائے 370 روپے کلو، دال چنا 360 روپے کی بجائے 390 روپے چاول 265 کی بجائے 310 روپے کلو، مشروبات دودھ 180 روپے لٹر کی بجائے 210 روپے، گوشت مرغی 597 روپے کلو کی بجائے 620 روپے 750 گرام آٹو 52 روپے کی بجائے 60 روپے کلو پیاز 72 روپے کی بجائے 90 روپے اور ک 375 روپے کی بجائے 430 روپے لہسن 612 روپے کی بجائے 660 روپے کلو، مٹر 55 روپے کلو کی بجائے 80 روپے کلو، کھیرا 77 روپے کی بجائے 90 روپے، گوبھی 24 کو کی بجائے 50 روپے کلو، لیموں 117 روپے کی بجائے 150 روپے کلو، مولی 22 روپے کی بجائے 40 روپے کلو، گاجر 27 روپے کی بجائے 40 روپے کلو، سبز مرچ 105 روپے کی بجائے 150 روپے سیب 230 روپے کی بجائے 330 روپے کلو، انگور 325 روپے کی بجائے 425 روپے کلو، امرود 182 روپے کی بجائے 250 روپے کینو 310 روپے درجن کی بجائے 400 روپے درجن فروخت ہوتے رہے۔

امریکی، بھارتی صدور کی ملاقات میں اربوں ڈالر کے جنگی سودے شگون نہ ہے: رہنما تحریک انصاف

پاکستان کے متعلق امریکی بھارتی گمراہ کن بیان پتہ دیتا ہے کہ پاکستان کے گرد گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے

تخت پورہ (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے کہا ہے کہ امریکی، بھارتی صدور کی ملاقات میں اربوں ڈالر کے جنگی سودے تجارت 500 ارب ڈالر تک پہنچانے کا اعلان نیک شگون نہ ہے اور پاکستان کے متعلق امریکی بھارتی گمراہ کن بیان پتہ دیتا ہے کہ پاکستان کے گرد گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے غزہ کی تباہی بربادی کے بعد فلسطینیوں کو گھر سے بے دخل کرنے کی بات ایران کو دھمکیاں دیتے ہوئے پابندیاں لگانے کے بعد عراق اور شام کے عوام کی زندگیاں تنگ کرنے کے بعد پاکستان نشانہ ہے مگر دوسری طرف ہمارے حکمران آئی ایم ایف کے قرضے اور عوامی ٹیکسوں کو ہڑپ کرتے ہوئے اپنے پروٹوکول و عیاشیوں کو فوقیت دیتے ہوئے ہیں اختر ڈار نے کہا کہ آئی ایم ایف سے بھیک مانگنے کی التجا کی جا رہی ہے آئی ایم ایف ہمارے جو ڈیشری نظام کو چیک کر رہا ہے پی ٹی آئی عمران گروپ آئی ایم ایف کو خطوط لکھ لکھ کر معاشی کے مکمل ذمہ داری کی گئی اور پاکستان کی امداد بند کروانے کے لیے کوشاں ہے پی ٹی آئی آئی ایم ایف کو دھاندلی پر ڈو ڈیز بجوا رہی ہے آئی ایم ایف کے بڑھتے ہوئے قرضے اور اثر و رسوخ اور ہر ادارے تک رسائی ہی ایک دن ہمارے گلے کا پھندا بنے گی۔

اوکاڑہ میں کانسٹیبلان اور لیڈی کانسٹیبلان کی بھرتی کا عمل جاری

پاس امیدوران کو اگلے مرحلہ فزیکل پیمائش کے لیے کاڈز جاری کر دیے گئے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی / قوت) اوکاڑہ میں کانسٹیبلان اور لیڈی کانسٹیبلان کی بھرتی کیلئے چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل، ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت اور ایس پی ایڈمٹ اسد الرحمن کی زیر نگرانی دوڑ کا امتحان لیا گیا، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر محمد یوسف، ڈی ایس پی صدر سرکل محمد ناصر، ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم عابد صغیر، ڈی ایس پی ٹریفک دانش محمود اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اوکاڑہ۔ فارم نمبر 1 تا 3028 تک امیدواروں نے دوڑ میں حصہ لیا۔ دوڑ راؤ سکندر اقبال کینال روڈ پر کروائی گئی۔ ڈیوٹی کے دوران فول پروف سیکورٹی اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی۔ امیدواران کو ٹیب سعید شہید پولیس لائنز سے بائومیٹرک ویریفیکیشن کے بعد بسوں میں بٹھا کر دوڑ کے مقام پر لایا گیا۔ دوڑ کے دوران مکمل ویڈیو ریکارڈنگ کی گئی، ڈرون کیمرے کے ذریعے بھی دوڑ کے عمل کی مکمل ریکارڈنگ کی گئی۔ دوڑ پاس کرنے والے امیدواران کے فنگر پرنٹ کی تصدیق بذریعہ نادرا موقع پر ہی کروائی گئی۔ پاس امیدوران کو اگلے مرحلہ فزیکل پیمائش کے لیے کاڈز جاری کر دیے گئے۔

تین خاندانوں پر مشتمل 18 افراد نے فتنہ قادیانیت پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کرلیا

عمران اور امتیاز وغیرہ نے مجاہد ختم نبوت قاری محمد افضل باجوہ کے ہاتھ پر توبہ کی اور اسلام قبول کیا

نومسلم خاندان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں قاری افضل باجوہ 'مسلمان ہونے پر خوشی ہے' نومسلم خاندان

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) تین خاندانوں پر مشتمل 18 قادیانیوں نے فتنہ قادیانیت سے توبہ کر کے مجاہد ختم نبوت امیر تحریک فدایان ختم نبوت قاری محمد افضل باجوہ کے ہاتھ پر اسلام قبول کرلیا نواحی گاؤں باٹھانوالہ کے رہائشی محمد عمران محمد امتیاز اور محمد عادل نے 18 افراد کے ہمراہ قاری افضل باجوہ کے ہاتھ پر توبہ کی اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت پر ایمان لے آئے اس موقع پر مجاہد ختم نبوت امیر تحریک فدایان ختم نبوت قاری محمد افضل باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کریم کا کروڑوں بار شکر ادا کرتے ہیں کہ 18 افراد کو ایمان کی دولت نصیب ہوئی ہے قادیانیت بہت بڑا فتنہ ہے جب تک زندگی ہے ان کا پوسٹمارٹم کرتے رہیں گے مجاہد امتیاز محمد عمران اور محمد عادل سمیت اسلام قبول کرنے والے تمام افراد کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جبکہ نومسلمز کا کہنا تھا کہ اسلام قبول کرنے پر دل پرسکون اور پر مسرت ہے اللہ تعالی کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے رہنمائی فرمائی اور ہم اس فتنہ سے نکل پر تاجدار ختم نبوت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لا کر مسلمان ہوئے اس موقع پر چوہدری خالد ناگرہ ساجد ناگرہ اور عابد ناگرہ بھی موجود تھے۔

نشہ آور زائد المعیاد دوغیر معیاری ادویات کی فروخت کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

جہلم (بیورو رپورٹ) نشہ آور زائد المعیاد دوغیر معیاری ادویات کی فروخت کے خلاف موثر کاروائیوں کے فقدان کے باعث تحصیل دینہ تحصیل سوہاوہ تحصیل پنڈ دادنخان کے مضافاتی علاقوں میں میڈیکل سٹور پر نشہ آور ادویات کی فروخت کا سلسلہ زور پکڑنے لگا، شہری حلقوں کے مطابق ڈرگ انسپکٹرز کی وجہ سے میڈیکل سٹورز مکمان نشہ آور ادویات کی فروخت کا سلسلہ دھڑلے سے جاری رکھے ہوئے ہیں جنہیں خریدنے کیلئے میڈیکل سٹورز پر نشیئوں کی لائنیں لگی ہوتی ہیں جن میں نوجوانوں اور نو عمر لڑکوں کی تعداد سب سے زیادہ ہوتی ہے جو اس لعنت میں تیزی سے مبتلا ہو رہے ہیں جبکہ حالیہ چند ماہ میں نشہ آور ادویات کے استعمال کے باعث ہونے والی ہلاکتوں کی تعداد بھی غیر معمولی ہے

استحقاق کمیٹی پنجاب کے چیئرمین سمیع اللہ خان سے مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ کی ملاقات

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحقاق کمیٹی پنجاب کے چیئرمین سمیع اللہ خان سے مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے ملاقات کی اس موقع پر میڈیا کو آرڈیننس عامر خان بھی ان کے ہمراہ تھے، ملاقات میں ضلع کی سیاسی و انتظامی صورتحال، تجاوزات کے خاتمہ کے جاری آپریشن، لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال اور تاجروں وصنعتکاروں کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا سمیع اللہ خان نے یقین دہانی کروائی کہ تاجروں و صنعتکاروں کو درپیش مسائل سے نجات دلانا حکومت کی کلیدی ذمہ داری ہے

کہ وفاق اور صوبے میں قائم حکومت پانچ سال کی مدت مکمل کرے گی: سردار سلیم حیدر

حکومت معاشی اشاریوں کی بہتری کیلئے کوشاں ہے اور اس میں بہتری بھی آئی ہے



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ وفاق اور صوبے میں قائم حکومت پانچ سال کی مدت مکمل کرے گی، حکومت معاشی اشاریوں کی بہتری کیلئے کوشاں ہے اور اس میں بہتری بھی آئی ہے، بدقسمتی سے ہر پانچ سال بعد ملک معاشی بحران کا شکار ہو جاتا ہے اور ڈیفالٹ کا خدشہ پیدا ہو جاتا ہے جس کی بڑی وجہ معاشی پالیسیوں کا عدم تسلسل ہے اس اہم چیلنج سے نمٹنے کیلئے میثاق معیشت سائن کیا جانا ضروری ہے تاکہ حکومت کے اچھے کاموں کو جاری رکھا جاسکے اور صرف سیاسی اختلاف کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبوں اور معاشی پالیسیوں کو تبدیل نہ کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے ممبران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر جی سی سی آئی گوجرانوالہ رانا محمد صدیق خان، سینئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی امتیاز صفدر وڑائچ کے علاوہ مقامی بزنس کمیونٹی کے نمائندگان اور عمائدین شہر بھی موجود تھے۔

بی ایچ یو لدھیکے میں ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والی دو لیڈی ہیلتھ ورکرز نوکری سے فارغ

کوئی جھوٹ نہیں کیا جائے گا غفلت ثابت ہونے پر کارروائی کی گئی ہے: سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر صدیق بلوچ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ شیخوپورہ ڈاکٹر صدیق بلوچ کا کہنا تھا کہ دونوں لیڈی ہیلتھ ورکرز احمد بلوچ نے بنیادی مرکز صحت لدھیکے کی ڈیوٹی پر غیر حاضر رہنے والی دو لیڈی ہیلتھ ورکرز کو نوکری سے برخاست کر دیا و ڈبلیو ایچ او کی ٹیم نے یونین کونسل لدھیکے کا دورہ کیا تو دو ہیلتھ ورکرز ڈیوٹی سے غیر حاضر تھیں جس کی رو پورٹ پر بنیادی مرکز صحت لدھیکے کی لیڈی ہیلتھ ورکرز ساجدہ سردار اور خالدہ جبین کو مکمل انکوائری کے بعد نوکری سے برخاست کر دیا گیا ڈاکٹر صدیق بلوچ کا کہنا تھا کہ دونوں لیڈی ہیلتھ ورکرز کو خرد برد کرنے اور جعلی انتقال کرنے پر انکی کرپشن پاکپتن میں مقدمہ نمبر 25/03 درج متعلقہ پٹواری شجاعت علی خاں گرفتار تفصیلات کے مطابق میاں فیصل نور سکھیرا اہیل مسعود سکھیرا اور ان کی بہنوں کی اراضی پاکپتن میں ہے ممی فقیر حسین نے بذریعہ فون بتایا کہ چند لوگ ان کے رقبہ پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ان لوگوں کا پتہ کیا تو انہوں نے اپنا ایک مختار نامہ نمبر 46 مورخہ 2024.08.09 زمین کا انتقال اور مدعیت میں مقدمہ درج کرایا گیا ہے

ہر ڑ مین روڈ اوور سپیڈ گاڑی الٹ گئی، گاڑی تباہ سوار محفوظ

وزیر آباد روڈ ہر ڑ تیز رفتار کار حادثہ میں خوش قسمتی سے جانیں بچ گئیں

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) نوتعمیر شدہ سیالکوٹ وزیر آباد روڈ پر ہر ڑ کے مقام پر تیز رفتار کرولا کار کا ڈرائیور گاڑی پر قابو کھو بیٹھا جو گاڑی قلابازیاں کھا کر دوبارہ سیدھی ہوگئی۔ ایئر بیگز کیوجہ سے ڈرائیور محفوظ رہا مگر گاڑی تباہ ہوگئی۔ واضع رہے کہ انتہائی مصروف سیالکوٹ وزیر آباد ون وے نوتعمیر شدہ روڈ پر تیز رفتاری کے باعث حادثات معمول بن چکے ہیں۔ شہریوں و ڈرائیورز کا کہنا ہے کہ وزیر اباد سیالکوٹ روڈ کنارے سپیڈ بمپس کاشن نہ ہونے اور اطراف سے اچانک موٹر سائیکل پیدل و چنگچی رکشوں کی سڑک پر آمد کے باعث حادثات معمول ہیں۔

تین خاندانوں پر مشتمل 18 افراد نے فتنہ قادیانیت پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کرلیا

عمران اور امتیاز وغیرہ نے مجاہد ختم نبوت قاری محمد افضل باجوہ کے ہاتھ پر توبہ کی اور اسلام قبول کیا

نومسلم خاندان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں قاری افضل باجوہ 'مسلمان ہونے پر خوشی ہے' نومسلم خاندان

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) تین خاندانوں پر مشتمل 18 قادیانیوں نے فتنہ قادیانیت سے توبہ کر کے مجاہد ختم نبوت امیر تحریک فدایان ختم نبوت قاری محمد افضل باجوہ کے ہاتھ پر اسلام قبول کرلیا نواحی گاؤں باٹھانوالہ کے رہائشی محمد عمران محمد امتیاز اور محمد عادل نے 18 افراد کے ہمراہ قاری افضل باجوہ کے ہاتھ پر توبہ کی اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت پر ایمان لے آئے اس موقع پر مجاہد ختم نبوت امیر تحریک فدایان ختم نبوت قاری محمد افضل باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کریم کا کروڑوں بار شکر ادا کرتے ہیں کہ 18 افراد کو ایمان کی دولت نصیب ہوئی ہے قادیانیت بہت بڑا فتنہ ہے جب تک زندگی ہے ان کا پوسٹمارٹم کرتے رہیں گے مجاہد امتیاز محمد عمران اور محمد عادل سمیت اسلام قبول کرنے والے تمام افراد کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جبکہ نومسلمز کا کہنا تھا کہ اسلام قبول کرنے پر دل پرسکون اور پر مسرت ہے اللہ تعالی کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے رہنمائی فرمائی اور ہم اس فتنہ سے نکل پر تاجدار ختم نبوت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لا کر مسلمان ہوئے اس موقع پر چوہدری خالد ناگرہ ساجد ناگرہ اور عابد ناگرہ بھی موجود تھے۔

کہ وفاق اور صوبے میں قائم حکومت پانچ سال کی مدت مکمل کرے گی: سردار سلیم حیدر

حکومت معاشی اشاریوں کی بہتری کیلئے کوشاں ہے اور اس میں بہتری بھی آئی ہے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ وفاق اور صوبے میں قائم حکومت پانچ سال کی مدت مکمل کرے گی، حکومت معاشی اشاریوں کی بہتری کیلئے کوشاں ہے اور اس میں بہتری بھی آئی ہے، بدقسمتی سے ہر پانچ سال بعد ملک معاشی بحران کا شکار ہو جاتا ہے اور ڈیفالٹ کا خدشہ پیدا ہو جاتا ہے جس کی بڑی وجہ معاشی پالیسیوں کا عدم تسلسل ہے اس اہم چیلنج سے نمٹنے کیلئے میثاق معیشت سائن کیا جانا ضروری ہے تاکہ حکومت کے اچھے کاموں کو جاری رکھا جاسکے اور صرف سیاسی اختلاف کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبوں اور معاشی پالیسیوں کو تبدیل نہ کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے ممبران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر جی سی سی آئی گوجرانوالہ رانا محمد صدیق خان، سینئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی امتیاز صفدر وڑائچ کے علاوہ مقامی بزنس کمیونٹی کے نمائندگان اور عمائدین شہر بھی موجود تھے۔

بی ایچ یو لدھیکے میں ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والی دو لیڈی ہیلتھ ورکرز نوکری سے فارغ

کوئی جھوٹ نہیں کیا جائے گا غفلت ثابت ہونے پر کارروائی کی گئی ہے: سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر صدیق بلوچ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ شیخوپورہ ڈاکٹر صدیق بلوچ کا کہنا تھا کہ دونوں لیڈی ہیلتھ ورکرز احمد بلوچ نے بنیادی مرکز صحت لدھیکے کی ڈیوٹی پر غیر حاضر رہنے والی دو لیڈی ہیلتھ ورکرز کو نوکری سے برخاست کر دیا و ڈبلیو ایچ او کی ٹیم نے یونین کونسل لدھیکے کا دورہ کیا تو دو ہیلتھ ورکرز ڈیوٹی سے غیر حاضر تھیں جس کی رو پورٹ پر بنیادی مرکز صحت لدھیکے کی لیڈی ہیلتھ ورکرز ساجدہ سردار اور خالدہ جبین کو مکمل انکوائری کے بعد نوکری سے برخاست کر دیا گیا ڈاکٹر صدیق بلوچ کا کہنا تھا کہ دونوں لیڈی ہیلتھ ورکرز کو خرد برد کرنے اور جعلی انتقال کرنے پر انکی کرپشن پاکپتن میں مقدمہ نمبر 25/03 درج متعلقہ پٹواری شجاعت علی خاں گرفتار تفصیلات کے مطابق میاں فیصل نور سکھیرا اہیل مسعود سکھیرا اور ان کی بہنوں کی اراضی پاکپتن میں ہے ممی فقیر حسین نے بذریعہ فون بتایا کہ چند لوگ ان کے رقبہ پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ان لوگوں کا پتہ کیا تو انہوں نے اپنا ایک مختار نامہ نمبر 46 مورخہ 2024.08.09 زمین کا انتقال اور مدعیت میں مقدمہ درج کرایا گیا ہے

تھانہ باغبانپورہ کی حدود میں غنڈہ راج عروج پر، شہریوں کا احتجاج



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) تھانہ باغبان پورہ میں غنڈا راج عروج پر کب تک ایسا چلے گا آئی جی پنجاب صاحب کیا یہ ہے آپ کی پنجاب پولیس (شہری) نوشہر و روڈ محلہ نویہ کالونی میں خوف پھیلانے والا گینگ ابوبکر بٹ شامی بٹ اور بھائو لد اشرف قوم موچی انہی کے ساتھ آئے اٹھ سے دس نا معلوم غنڈے جن کے ہاتھوں میں ڈنڈے اور اسلحہ موجود تھا، زکیہ بی بی کے کے دروازے پر فائرنگ کی اور گھر میں گھس گئی زکیہ بی بی کی دو بیٹیوں اور ایک دیورانی کو ڈنڈوں سے مارا اور اینٹیں اور پتھران کے دیواروں اور دروازوں کو مارتے رہے ان کے باہر دروازے پر فائرنگ سیدھی کی اور دیواروں کو بھی چھینی ہتھوڑے سے توڑا صاحب یہ سب کچھ پولیس کی موجودگی میں ہوا پولیس موقع پر پہنچی جب بٹ گینگ اپنی خوب گنڈا گردی دکھا کر مار پیٹ کر کر چلے گئے پھر پولیس آگئی پولیس نے آ کر دیکھا اسی گھر سے قبل 15 سے 20 دن پہلے ایک ایف آئی آر درج ہوئی تھی تب بھی اسی حوالے سے پولیس کو کال کی گئی اور بلایا گیا تھا اس بار پھر پولیس نے یہی کہا کہ آپ کی ایف آئی آر درج کریں گے اور آپ کے ملزمان کو گرفتار کر کے سخت کاروائی کریں گے جب کے اب تک بھی ملزمان کو گرفتار نہیں کیا گیا اس بار ملزمان دھمکیاں لگا کر گئے کہ اگر آپ نے ہمارے اوپر قانونی کاروائی کروائی تو ہم آپ کے ساتھ اس سے بھی بدتر پیش آئیں گے زکیہ بی بی کی وزیر اعلی مریم نواز صاحبہ سے اپیل ہے آئی جی پنجاب سے اپیل ہے آر پی او گجرانوالہ سے اپیل ہے سی پی او گجرانوالہ سے اپیل ہے کہ تھانہ باغبان پورا کی پولیس ایسے گینگ کا راستہ کھلا نہ چھوڑیں ان گنڈوں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے۔

قصور کے نواح کوٹ رادھا کشن میں سنگدل ماں دنیا کے طعنوں اور شرمندگی سے بچنے کے لیے زندہ بچی کو سڑک کنارے چھوڑ گئی

قصور (بیورو چیف) قصور کے نواح کوٹ رادھا کشن میں سنگدل ماں دنیا کے طعنوں اور شرمندگی سے بچنے کے لیے زندہ بچی کو سڑک کنارے چھوڑ گئی، ریسکیو عملے نے بچی کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ قصور کے نواح کوٹ رادھا کشن میں نامعلوم سنگدل ماہ دنیا کے طعنوں اور شرمندگی سے بچنے کے لیے نومولود بچی کو سڑک کنارے چھوڑ کر فرار۔ عوامی اطلاع پر ریسکیو 1122 کے عملے نے نومولود بچی کو اپنی تحویل میں لے لیا، ریسکیو عملے نے بچی کو اپنی حفاظت میں لیکر طبی معائنے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا۔

قصور کے علاقے پیرووالا روڈ میں آئس اوور ڈوز کرنے پر ایک شخص کو طبعیت خراب، سیریس حالت میں ہسپتال منتقل

قصور (بیورو چیف) قصور کے علاقے پیرو والا روڈ میں آئس اوور ڈوز کرنے پر ایک شخص کو طبعیت خراب، سیریس حالت میں ہسپتال منتقل۔ قصور کے علاقے پیرو والا روڈ کا رہائشی اویس جو کے آئس نشہ کا عادی ہے گزشتہ روز اوور ڈوز لینے

”قوت“ کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے سفید پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مٹکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

اطلاع عام

انجینئر الف اللہ خان کھرل پنجاب پبلک سروس کمیشن نمبر 1 کے عہدہ پر فائز تھے جو کہ 18 فروری 2025ء کو ریٹائر ہو گئے ہیں۔ ان کی جگہ پر انجینئر محمد ارشد لطیف کو پنجاب پبلک سروس کمیشن کا نیا ممبر مقرر کیا گیا ہے۔ انجینئر محمد ارشد لطیف کا تعلق انجینئرنگ سروس گروپ سے ہے۔ انہوں نے 1989ء میں محکمہ آبپاشی میں بطور اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ وہ 2020ء میں ایڈیشنل چیف انجینئر کے عہدہ پر ترقی پائی۔ انجینئر محمد ارشد لطیف نے 2020ء سے 2024ء تک ایڈیشنل چیف انجینئر کے طور پر خدمات سرانجام دیں۔ وہ 2024ء میں ایڈیشنل سیکرٹری کے عہدہ پر ترقی پائی۔ انجینئر محمد ارشد لطیف نے 2024ء سے 2025ء تک ایڈیشنل سیکرٹری کے طور پر خدمات سرانجام دیں۔ وہ 2025ء میں ایڈیشنل سیکرٹری کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے۔

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹوں عمر جمیل، عمر وقاص اور بیٹیوں ملائکہ فاطمہ، رابعہ کو بوجہ باغرہ ہاتھی اور گناہ کبیرہ اپنی جائیداد منقولہ غیر منقولہ نقد اثاثہ جات سے عاق کرتا ہوں آئندہ میں ان کے کسی قول و فعل ذمہ دار نہ ہوں گا۔ (محمد ارشاد) سرکاری وغیر سرکاری ادارے جو عمر الشان نام رکھتے ہیں فوراً مطلع فرمائیں۔

اشتہار: محمد اشفاق وحید اقبال سائن 259، رب کارخانہ، کھیل مارکیٹ نیو کینال آباد

بجائے آسمٹی کے ارکان سے ملاقات کے دوران کیا۔

راجن پور، رحیم یار خان، مظفر گڑھ، لیہ، ڈی جی خان، بہاولپور، ساہیوال، ملتان، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ اور فیصل آباد سمیت پنجاب کے 10 ڈویژنز کے 36 اضلاع سے آسمٹی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔ نواز شریف کے ساتھ ان کی اہلیہ بیگم کلثوم نواز کی صاحبزادی مریم نواز بھی موجود تھیں۔ مریم نواز نے ملاقات کرنے والوں سے ذاتی فرمائشیں بھی پوچھیں۔ ملاقات کرنے والوں کے ساتھ ان کی تصاویر بنوائی گئیں۔ ملاقات کرنے والوں کو ایک ایک تحفہ بھی دیا گیا۔ ملاقات کرنے والوں کو ایک ایک کتاب بھی دی گئی۔ ملاقات کرنے والوں کو ایک ایک کتابچ

چیمپئن ٹرافی کیلئے پریس کلب اسپورٹس کمیٹی کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گی، زاہد عباد

آئی سی سی چیمپئن ٹرافی کے دوران وطن عزیز پاکستان کا مثبت امیج اجاگر کرنے کے لئے لاہور پریس کلب کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا انعقاد کیا جائے گا

لاہور (خبر نگار) آئی سی سی چیمپئن ٹرافی کے دوران وطن عزیز پاکستان کا مثبت امیج اجاگر کرنے کے لئے لاہور پریس کلب کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا انعقاد کیا جائے گا اور انٹرنیشنل چیمپئن ٹرافی کی کوریج کے لئے دنیا بھر سے آنے والے غیر ملکی صحافیوں کے اعزاز میں گرینڈ اسپورٹس کلب کی جانب سے عشائیہ دیا جائے گا، جوائنٹ سیکرٹری عمران شیخ کی گفتگو



سیکرٹری پریس کلب زاہد عباد اور جوائنٹ سیکرٹری عمران شیخ چیمپئن ٹرافی کے دوران ملکی صحافیوں کے درمیان کوآرڈینیشن کے لئے سپورٹس صحافیوں کے بلائے گئے مشاورتی اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

لاہور (خبر نگار) جمعیت علماء اسلام (ف) کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب طاہری، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ اشاری، ایڈیٹر غلام نبی، عبید اللہ تو نسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

عقیدہ ختم نبوت کا دفاع دراصل اسلام کا دفاع ہے، قاری اعظم حسین

اللہ کی زمین پر اللہ کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے پرامن جدوجہد ہو گا، اللہ کی بادیٰ نصب العین ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے امیر مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا عبدالقدوس تنظیمی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل اکبر ساقی، لاہور کے امیر مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا عبدالقدوس تنظیمی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل اکبر ساقی، لاہور

راجووال، بہنوئی اور اسکے دوست کی کمسن سالی سے زیادتی

بیمار بیوی کی نگہداشت کیلئے سالی کو بلایا، کلہاڑی رکھ کر ظلم کرتا رہا، ڈرائیور ہمراز دوست بھی جنسی درندہ بن گیا، دونوں ملزمان پکڑے گئے، مقدمہ درج

راجووال (این این آئی) گھر آئی نوعمر کمسن سالی سے ہوس پرست بہنوئی کی زیادتی، دوست بھی شریک کار، دونوں ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گاؤں کوہلہ اسلام پورہ کی پوہ خاتون (ر) پی ٹی سی نیچی کی شادی ڈیڑھ سال قبل محمد اعظم سے ہوئی جسکی بیوی کی نگہداشت کیلئے چھوٹی سالی 14 سالہ (ع) بی بی آئی تھی، اعظم کی نیت خراب ہوگئی اور اسنے کلہاڑی سے مار ڈالنے کی دھمکی دیکر اپنی خواہر حقیقی کمسن لڑکی کی بھی یہ گھناؤنی حرکت کرتا رہا، جبکہ ملزم اعظم کا دوست اور ہمسایہ کاشف بھی اپنی گاڑی کو ڈرا دھمکا کر اپنی ہوس کا نشانہ بناتا رہا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

تعلیمی اداروں میں منشیات کنیکٹس پر ریونیشن کے معیار ضروری ہیں: حنیف گل

آئس اور نوجوانوں کا پنہدیہ اور نیوٹ نشہ ہے، کمیونٹی انسداد منشیات مہم سید ذوالقادر حسین، میڈیا منشیات کنیکٹس آج کے دور میں بہت اہم ہے مگر ابھی نواز



ڈی ایس ریلے مہم حنیف گل منشیات اور میڈیا کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کے اختتامی سیشن میں خطاب کر رہی ہیں۔ اسٹج پر سید ذوالقادر حسین عاطف رضوان سید محسن اور بلال زبیری بیٹھے ہیں

پولیس کی انسداد پتنگ بازی ایکٹ کے تحت کارروائیاں، 440 افراد گرفتار

کینٹ سے 146، سول لائنز سے 28، صدر سے 28، اقبال ٹاؤن سے 56 اور ماڈل ٹاؤن سے 90 ملزمان کو گرفتار کیا گیا

قاتل ڈور اور پتنگوں کی تیاری، خرید و فروخت اور استعمال میں ملوث عناصر سے سختی سے نمٹا جائے، سی پی او لاہور

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کی جانب سے رواں سال انسداد پتنگ بازی ایکٹ کے تحت مختلف کارروائیوں میں 440 افراد کو گرفتار کر کے 429 مقدمات کے اندراج کیا گیا ہے۔ یہ بات ترجمان لاہور پولیس نے یہاں جاری اپنے بیان میں کہی۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 20664 پتنگیں اور 621 چرخیاں برآمد کی گئی ہیں۔ ڈی ڈویژن سے پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 92 ملزمان، کینٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت کے سرکاری دفاتر ہفتے کے پانچ دن کھلیں گے

ایٹ آئی اے کی کارروائی؛ افغان شہری کی غیر قانونی دستاویزات پر برازیل جانے کی کوشش ناکام

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے افغان شہری کی غیر قانونی اور مشکوک دستاویزات پر برازیل جانے کی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق افغان شہری امراللہ حامی خان نامی شہری کو آف لوڈ کیا گیا۔ افغان شہری کا تاجکستان کے پاسپورٹ پر برازیل جانا تھا۔ امیگریشن افسران کے دوران سفر دستاویزات کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

شرپسند عناصر جتنی بھی کوششیں کرلیں عوام اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

نکاح صاحب (این این آئی) پاکستان تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک کا امن واماں پاک فوج کی قربانیوں کی مرہون منت ہے، شرپسند عناصر جتنی بھی کوششیں کرلیں عوام اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، پاک فوج اور دیگر اداروں سے عوامی محبت کو نہیں ہی جاسکتی، فوج ملک کی حفاظ ہے اور سرحدوں کی نگہبانی کرتی ہے، پوری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

سانگلہ ہل پہاڑنگ دارالاحسان میں صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کا عمل شروع نہ ہوسکا

نکاتہ صاحب (این این آئی) نواحی چک نمبر 126 پہاڑنگ دارالاحسان میں صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کا عمل شروع نہ ہوسکا، گاؤں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگ گئے، گاؤں کی مسجد رضا کے قریب دو ہفتوں سے گندگی کے بڑے بڑے ڈھیر جمع ہیں، اردگرد دکانوں کی اور آنے جانے والوں کا سب بن رہے ہیں، صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے عملہ نے ابھی تک گندگی اٹھانے کی زحمت نہیں کی، گندگی سے اٹھنے والی بھبھوک کے راہگیروں کا استقبال کرتے ہیں، مسجد میں جانے والے نمازی بھی دوران نماز گندگی کی بو سونگھنے پر مجبور ہیں، اہل دیہہ نے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ گاؤں میں جتنی بنیادوں پر صفائی کی جائے اور گندگی کے ڈھیر لگانے والے جائیں۔

زراعت کے لئے ہم ہر وقت حاضر ہیں، سینئر ڈپٹی منیجر سٹیٹ بینک

نئی ٹیکنالوجی اور نئی فصلوں کو اختیار کرنا چاہیے، ادویاتی پودوں پر آگہی ورکشاپ سے خطاب

قصور (این این آئی) سٹیٹ بینک پاکستان کی ہدایات پر الائیڈ بینک نے مقامی ہوٹل میں ادویاتی پودوں پر آگہی ورکشاپ کا اہتمام کیا۔ علاوہ ازیں کاشتکاروں کو مناسب مارک اپ پر قرض فراہم کرنا؛ بے زراعت کے لئے ہم ہر وقت حاضر ہیں انہوں نے آرگانائزر وقاص کی کوششوں کو سراہا چوہدری محمود احمد بٹ نائب صدر ہیڈ آفس سوسائٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا ادویاتی پودے زراعت کے لئے بہت اچھے ثابت ہیں اچھی پیداوار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48) ممبر ہیں اچھی پیداوار

پنجاب پولیس سپیشل آپریشنز سیل کی اہم کامیابی

بھتہ خوری، رانجہ زئی سمیت درجنوں سنگین وارداتوں میں مطلوب خطرناک اشتہاری گرفتار

لاہور (خبر نگار) پنجاب پولیس سپیشل آپریشنز سیل نے اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے بھتہ خوری اور رانجہ زئی سمیت درجنوں سنگین وارداتوں میں مطلوب خطرناک اشتہاری کو گرفتار کرلیا۔



پنجاب پولیس سپیشل آپریشنز سیل نے بھتہ خوری اور رانجہ زئی سمیت درجنوں سنگین وارداتوں میں مطلوب خطرناک اشتہاری مجرم کو گرفتار کرکے پاکستان منتقل کردیا

کراچی، گلاس ٹاور آتشزدگی پر قابو پالیا گیا، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

آگ سے 80 کنٹینر متاثر ہوئیں، جن میں 35 سے 40 کنٹینر مکمل طور پر جل گئے

کراچی (این این آئی) شاہراہ فیصل پر گلاس ٹاور کے کنٹینر کے گودام میں لگنے والی آگ پر ڈھائی گھنٹے کی جدوجہد کے بعد فائر بریگیڈ نے قابو پالیا اور فوکنگ کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے۔ آتشزدگی کے واقعہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ہائیکم منزل پر تاہم 35 سے زائد کنٹینر مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگئیں۔ فائر بریگیڈ کے مطابق آگ فرنٹ فلور پر پلاسٹیک اور کپڑے کی دکانوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

شیخ اور کھوکھانی برادری میں بچوں کے جھگڑے پر تصادم، 10 افراد زخمی

واقعہ شمخور میں پیش آیا، دونوں برادریوں میں بچوں کی معمولی بات پر تصادم ہوگیا

شاہ گھر (این این آئی) شمخور کے علاقے شیخ اور کھوکھانی برادری کے درمیان بچوں کے معمولی جھگڑے سے 10 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ شاہ گھر کے علاقے شمخور میں پیش آیا جہاں شیخ اور کھوکھانی برادری میں بچوں کی معمولی بات پر تصادم ہوا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جھگڑا اس قدر بڑھ گیا کہ فائرنگ اور گالی گلوچ کی وارداتیں دونوں جانب کے 10 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو مقامی اور نواب شاہ کے اسپتالوں میں منتقل کیا گیا ہے، جھگڑے میں شیخ برادری کے 2 اور کھوکھانی گروپ کے 3 افراد زخمی ہوئے۔ زخمیوں میں ہیڈ کانسٹیبل شیخ اور ہیڈ کانسٹیبل شیخ کے کزن حنیف شیخ بھی شامل ہیں۔ پولیس نے واقعہ کی مقدمہ درج کرلیا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

40 ہزار میگا رٹیبل اسٹوروز کی سیلز معلومات ایف بی آر کو دینا لازمی قرار

بڑے اسٹوروز کی فروخت کا ڈیٹا 24 گھنٹوں کے اندر ایف بی آر کو موصول ہوجائے، ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں 40 ہزار میگا رٹیبل اسٹوروز کو ایف بی آر سسٹم سے 24 گھنٹوں میں منسلک کرانا لازمی قرار دے دیا گیا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے الیکٹرانکس ریٹیل میں تاجم متعارف کرادیں جس کے تحت میگا رٹیبل اسٹوروز کو ایکٹ کے مطابق یہ واقعہ سنگین جرم تصور ہوگا۔ پریس کی معلومات ایف بی آر کو فراہم کرنا بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق بڑے اسٹوروز کی فروخت کا ڈیٹا 24 گھنٹوں کے اندر ایف بی آر کو موصول ہوجائے، پروف درست ڈیٹا موصول نہ ہونے پر کوڈ مخروٹن، ٹیکٹل رکوسل کیا جاسکے گا اور اسٹوروز کو ڈی سیل کرنے کا اختیار کسٹمز انٹیلی جنس ریونیو کو دیا گیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے کہا گیا ہے کہ جرمانے کی ادائیگی کے 24 گھنٹوں میں اسٹوروز کو سیل کرنے کے آرڈر دیے جائیں گے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا پارک پر کمرشل تعمیرات روکنے کا حکم

جسٹس محمد آصف نے پارک کو اصل حالت میں بحال کرنے کا حکم جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ای الیون چلڈرن پارک میں غیر قانونی تعمیرات روکنے اور پارک کو اصل حالت میں بحال کرنے کا حکم جاری کردیا، جسٹس محمد آصف نے ای 11 چلڈرن پارک میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف درخواست پر ساعت کی، ای 11 کے رہائشیوں نے چلڈرن پارک پر قبضے اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف عدالت سے رجوع کیا تھا، ہائیکورٹ کی جانب سے ایڈووکیٹ کاشف علی ملک و دیگر وکلا کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ گرین ایریا پبلک پارک کو کمرشل ایریا میں تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)



راولپنڈی، شہری فلٹریشن پلانٹ سے پینے کیلئے پانی بھر کے لے جارہے ہیں

کامران ٹیسوری کا عمران خان کو گورنر ہاؤس کی گھنٹی بجانے کا مشورہ

پی ٹی آئی عمران خان غلط جگہ خط بھیج رہے ہیں، لندن میں بات چیت

لندن (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اپنا ایڈوائزر بدلنے کا مشورہ دیدیا۔ لندن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان کی معیشت اوپر جا رہی ہے تو اس وقت اور سیز پاکستانیوں کے کئی اپنے ملک کے بارے میں اچھے خیالات ہونے چاہئیں۔ ایک سوال کے جواب میں کامران ٹیسوری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان غلط جگہ خط بھیج رہے ہیں، وہ سب سے پہلے اپنا ایڈوائزر بدلیں، بانی پی ٹی آئی کو گورنر ہاؤس میں گھنٹی کی گھنٹی بجائیں تو وہ بہ جواب دیں گا۔ کراچی میں ٹریفک حادثات پر گورنر سندھ کا کہنا تھا کہ ٹریفک پالیا پر ہیلمٹ پہ ہاتھ ڈالنے والے ٹریفک وارڈنز کی مزید اموات کا سبب بن رہی ہے، سندھ حکومت بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

خبردار، ہوشیار! بالائی علاقوں میں کل سے نیا موسمی نظام داخل ہوگا

19 سے 21 فروری کے دوران وقفے وقفے سے بارش، پہاڑوں پر برفباری ہوسکتی

خبر یہ ختخواہ، بلوچستان اور سندھ کے بالائی علاقوں میں کل موسمیاتی نظام داخل ہوگا جو بارشوں اور برف باری کا سبب بنے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 19 سے 21 فروری کے دوران اسلام آباد، پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور کشمیر میں وقفے وقفے سے بارش اور پہاڑوں پر بعض مقامات پر برفباری کا امکان ہے۔ بلوچستان کے بعض علاقوں میں آج اور کل بارش اور پہاڑوں پر برف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

نااہل حکمران عوام کو ریلیف دینے میں ناکام ہوچکے ہیں، محمد حسین

(ن) لیگ اور پیپلز پارٹی ایک دوسرے کیلئے بوجھ، جلد دونوں کی راہیں جدا ہوجائیں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ نااہل حکمران عوام کو ریلیف دینے میں ناکام ہو چکے ہیں، امانت، دیانت، خود احتسابی اور خودداری ہی میں ہماری بقا ہے، ملک کو بالائی مسائل سے نکالنے کیلئے ہمیں سچ بولنا ہوگا، (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی ایک دوسرے کیلئے بوجھ بن چکے ہیں جلد دونوں کی راہیں جدا ہوجائیں گی۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ نااہل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

آئی جی پنجاب اچانک زیر تعمیل اسمارٹ پولیس اسٹیشن اسلام پورہ پہنچ گئے

آئی جی پنجاب نے سمارٹ پولیس اسٹیشن اسلام پورہ کے مختلف حصے دیکھے، تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا، ترجمان پنجاب پولیس

آئی جی پنجاب نے فرنٹ ڈیسک، انتظار گاہ، ایس ایچ او و انویسٹی گیشن رومز، حوالات اور مال خانہ سمیت مختلف شعبوں کا معائنہ کیا









آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور زیر تعمیل اسمارٹ پولیس اسٹیشن اسلام پورہ کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

ترجمان پنجاب پولیس پنجاب پولیس نے بتایا کہ آئی جی پنجاب نے فرنٹ ڈیسک، انتظار گاہ، ایس ایچ او و انویسٹی گیشن رومز، حوالات اور مال خانہ سمیت مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ آئی جی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

پاکستانی نوجوانوں کو نشہ کے ناسور سے بچانے کیلئے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا شبت کردار ادا کرنا ہوگا، ڈاکٹر امتیاز ڈوگر

کوآنہ (این این آئی) پاکستان میں نوجوانوں سمیت تعلیمی اداروں کے بعض طلباء و طالبات میں نشہ آور ادویات کا بڑھتا ہوا استعمال انتہائی تشویشناک ہے جنکے اثرات سے نوجوانوں کی صحت، چہرہ، شباب، حسن، خوبصورتی، جوانی، اخلاقی صحت پر پڑھتے ہوئے منفی اثرات کو روکنے کیلئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

کراچی ٹینکر کی ٹکر سے شہری جاں بحق، مشتعل افراد نے 5 ٹینکر زنذر آتش کردیا

واٹر ٹینکر زڈرائیورز میبنہ طور پر پریس لگا رہے تھے، اس دوران موٹر سائیکل سواران کی زد میں آگیا، جاں بحق شخص کی شناخت نہیں ہوسکی

فائر بریگیڈ کے عملے نے پہنچ کر آگ پر قابو پایا، وزیر داخلہ سندھ ضیاء لنجار نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس حکام سے رپورٹ طلب کرلی

کراچی (این این آئی) کراچی میں جیل چورنگی فلائی اوور پر واٹر ٹینکر کی زد میں آکر موٹر سائیکل سوار شہری جاں بحق ہوگیا، واقعہ کے بعد مشتعل افراد نے 5 واٹر ٹینکرز کو آگ لگادی۔ پولیس کے مطابق واٹر ٹینکرز ڈرائیورز میبنہ طور پر پریس لگا رہے تھے۔ اس دوران موٹر سائیکل سواران کی زد میں آگیا۔ پولیس کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

پیٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 15 فیصد اضافہ

کوآنہ (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 5 فیصد کی خموریکارڈ کی گئی ہے۔ ادی اے ای اور اتھارٹی کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں پیٹرولیم مصنوعات کی درآمدات پر 953 ارب ڈالر زمبالہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 15 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

فیصل آباد، متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں چور لے اڑے

کوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں چور لے اڑے، جبکہ ادائیگی کے بعد بھی موٹر سائیکل نہ ملنے پر شہریوں نے احتجاج کیا۔ پولیس کے مطابق شہری محمد اعظم کے علاقہ غلام رسول ٹاؤن کے رہائشی ندیم کے بیٹے زوہیب، شہزاد کالونی کے علاقہ ریلوے کالونی کے رہائشی محمد کے بھائی، سرگودھا روڈ کے علاقہ جوہری کے رہائشی شہزاد کوثر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

سندھ ہائی کورٹ، مصطفیٰ عامر قتل کیس میں ملزم ارمغان کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے مصطفیٰ عامر اغوا اور قتل کیس کے ملزم ارمغان کے جسمانی ریمانڈ کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ سندھ ہائی کورٹ میں مصطفیٰ عامر اغوا اور قتل کیس میں ملزم کے جسمانی ریمانڈ نہ دینے کیخلاف ملزم ارمغان کی درخواست پر ساعت ہوئی، ملزم ارمغان کو بکتر بند گاڑی میں سنٹرل جیل سے ہائی کورٹ میں پیش کیا گیا، عدالت نے استدعا کی کہ کیا کسی کو اغوا کر کے ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل سندھ نے ایف آئی آر پڑھ کر سنائی۔ ایڈیشنل پراسیکیوٹر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات میں 3 سال بعد غیر معمولی اضافہ

کوآنہ (این این آئی) پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا، 3 سال بعد جنوری 2025ء میں 1 ارب 70 کروڑ ڈالر کی بلند سطح پر پہنچ گئیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک سال کے مقابلے میں جنوری 2025ء میں ٹیکسٹائل ایکسپورٹ میں پاکستان کو 16 فیصد بڑھ کر 1 ارب 70 کروڑ ڈالر ہوگئی۔ دسمبر 2024ء میں جنوری 2025ء ایک ماہ میں ٹیکسٹائل ایکسپورٹ 14.1 فیصد بڑھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

مہنگائی میں کمی کا دعویٰ محض گمراہ کن اعداد و شمار کا کھیل ہے، جاوید قصوری

عوام دو وقت کی روٹی کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، نہیں احکام کی تنخواہوں میں 3 گنا اضافہ ہوگیا

عوام آئی ایم ایف کے معاہدے بھگت رہے ہیں، ہر پاکستانی 3 لاکھ روپے سے زائد کا مقروض ہوگیا، امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ مہنگائی میں کمی کا دعویٰ محض گمراہ کن اعداد و شمار کا کھیل ہے، پاکستان میں 48 فیصد آبادی کو ذہنی کی گزرنے کے لئے مکمل وسائل دستیاب ہی نہیں، حالات موجودہ حکمرانوں کے کنٹرول سے باہر ہیں، ایک غیر سرکاری میڈیا رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)



لاہور: ٹریفک وارڈن نو پارکنگ ایریا میں کھڑی گاڑی کو لفٹر کی مدد سے اٹھا کر لے جارہا ہے





لاہور: ہیلپ پورہ پر این ایچ پاٹلڈ آرگنائزیشن کے زیر اہتمام احتجاج میں مظاہرین کا ہاتھ بٹا رہے ہیں